کتاب المرکبات
المعروف
مخزن المرکبات
مع
علاج الامراض و معلم دواسازی
شمس الاطبا حکیم و ڈاکٹر غلام جیلانی خان صاحب
جدید
مکتبہ دانیال

دو ہزار مرکبات پر مشتمل

مرکبات پر تمام کتب سے بڑی کتاب

کتاب المرکبات

المعروف

مخزن المرکبات

RIAZ

مع

علاج الامراض و معلم دواسازی

مؤلفہ و مرتبہ

شمس الاطبا حکیم و ڈاکٹر غلام جیلانی خان صاحب

ناشر

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز اردو بازار لاہور

نام کتاب ---------- مخزن المرکبات

مصنف ---------- شمس الاطباء حکیم غلام جیلانی خان صاحب

طابع ---------- ابوبکر صدیق

ناشر ---------- صدیقی پبلی کیشنز لاہور

مطبع ---------- ندیم یونس پرنٹرز لاہور

تعداد ---------- چھ سو

بار ---------- اول

کمپوزنگ ---------- بخاری کمپیوٹر کمپوزرز

16 - پیسہ اخبار لاہور (فون : 321580)

قیمت -/400 روپے

تقسیم کار

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز

جلال الدین ہسپتال بلڈنگ

اردو بازار لاہور

فون : 260736

Scanned by CamScanner

ہر ایک مطب اور ہر ایک دواخانہ میں یہ کتاب ضرور موجود ہونی چاہیے
اس کتاب کے آخر میں یہ دو نہایت مفید ضمیمے ہیں

ضمیمہ نمبر①

معلم دواسازی

جس میں یونانی دواسازی کے وہ مسلمہ اصول و قواعد بتائے گئے ہیں جو ہندوستان بالخصوص دہلی کے مشہور دواخانوں میں معمول ہیں۔ اور ہر قسم کے مرکبات مثلاً انوشدارو' تریاق' جوارش' خمیرا' شربت' عرق' معجون' مفرح اور یاقوتی وغیرہ کے بنانے کے صحیح و آسان طریق بتائے گئے ہیں۔ نیز خاص خاص ادویہ کے احراق و تمحیص اصلاح و تدبیر' ترویق و تقطیر' تصعید و تکلیس اور تشویہ و تصفیہ وغیرہ کے متعلق تمام ضروری اعمال دوا سازی نہایت وضاحت سے سلیس اردو میں بیان کئے گئے ہیں۔ پس دواسازوں اور عطاروں کے لئے یہ ضمیمہ نہایت ہی مفید ہے۔

ضمیمہ نمبر②

علاج الامراض

جس میں ترتیب وار ہر مرض کا مشہور اردو نام طبی..... عربی نام..... ویدک ہندی نام اور ڈاکٹری انگریزی نام لکھ کر اس کے علاج کے متعلق جس قدر مفید و مجرب مرکبات معمول و مستعمل ہیں۔ ان سب کو اس کی تحت میں ترتیب وار بمعہ مقدار خوراک لکھ دیا ہے۔ جس سے یہ نہایت آسانی سے یہ معلوم ہو سکتا ہے کہ فلاں مرض میں کون کون سے مرکبات مفید ہیں۔ پس ہر ایک معالج یعنی حکیم' ڈاکٹر اور وید کے لئے یہ ضمیمہ علاج الامراض نہایت مفید اور کار آمد ہے۔

دیباچہ

علم طب کا سب سے ضروری حصہ علم العلاج ہے جو زیادہ تر مرکب ادویہ پر منحصر ہے۔ پس طب اور اطباء کی کامیابی و ترقی کا بہت بڑا راز مرکب ادویہ کی صحیح ترکیب اور ان کی خوبی وپاکیزگی پر منحصر ہے۔

طب یونانی کی معالجات کی کتابوں میں اکثر مرکبات کے صرف نام ہی لکھے ہوتے ہیں مثلاً جوارش جالینوس، خمیرہ ابریشم، دواء المسک، شربت اعجاز، عرق شیر وغیرہ وغیرہ اور ان مرکبات کے نسخہ جات نہیں لکھے ہوتے اس لئے ان کو قرابادینوں میں تلاش کرنا پڑتا ہے اور ہر ایک قرابادین میں قدیم و جدید سب قسم کے مرکبات کے نسخہ جات نہیں ملتے۔

عام عطار چونکہ دوا سازی کے مسلمہ اصول و قواعد سے بخوبی واقف نہیں ہوتے اس لئے ہر قصبہ و شہر کے عام عطاروں سے جو یونانی مرکبات ملتے ہیں وہ نہ تو معتبر ہوتے ہیں اور نہ مفید، نیز

وقت ضرورت سب قسم کے مرکبات نہیں ملتے ان سب امور و ضروریات کو ملحوظ و مدنظر رکھتے ہوئے اس کتاب کو مرتب کیا ہے۔ اس میں تمام قرابادینوں مثلاً قرابادین اعظم و اکمل مولفہ حکیم محمد اعظم خان ناظم جہاں قرابادین کبیر مولفہ حکیم محمد حسین خان قرابادین قادری مولفہ حکیم محمد اکبر ارازانی قرابادین احسانی، قرابادین جلالی و قرابدین جدید وغیرہ اور بالخصوص علاج الامراض فارسی مولفہ اشرف الحکماء حکیم محمد شریف خاں مرحوم جد اعلیٰ جناب مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں کے تمام قدیم و جدید منتخب و مجرب نسخہ جات اور ہندوستان کے معتبر و مشہور دواخانوں کے قدیم و جدید خاص خاص اور ممتاز مرکبات ترتیب وار آسان و عام فہم لغت کی ترتیب میں درج کئے گئے ہیں۔

اس کتاب میں مندرجہ ذیل امتیازی خصوصیات ہیں

① اس میں تقریباً ڈیڑھ دو ہزار قدیم و جدید یونانی مرکبات کے صحیح نسخہ جات درج ہیں۔ جن میں سے اکثر ہندوستان بالخصوص دہلی و لکھنؤ وغیرہ کے معزز طبی خاندانوں کے معمولات و مجربات ہیں۔ اور اکثر بڑے بڑے معتبر و مشہور دواخانوں کے خاص خاص اور ممتاز مرکبات ہیں۔

② تمام قدیم و جدید مرکبات کے صحیح منتخب اور مستند نسخہ جات درج کئے گئے ہیں اور تمام نسخہ جات میں ادویہ کے مشہور نام لکھے ہیں۔ اور ان کے وزن ہندوستان کے مشہور مروجہ اوزان یعنی تولہ و ماشہ میں بیان کئے ہیں۔ درہم و مثقال وغیرہ میں نہیں لکھے۔

③ ہر ایک مرکب کے ساتھ اس کے بنانے کی ترکیب اس کے فوائد و منافع مقدار خوراک اور طریق استعمال بمع مناسب بدرقات درج ہے اور بعض خصوصی امورات کو فائدہ کی تحت میں لکھا ہے۔

④ **ضمیمہ معلم دوا سازی** میں دوا سازی کے وہ مسلمہ اصول و قواعد بتائے گئے ہیں جو کہ ہندوستان بالخصوص دہلی کے بڑے بڑے دواخانوں میں معمول ہیں۔ ہر قسم کے مرکبات مثلاً اطریفل، انوشدار و تریاق، جوارش خمیرہ شربت عرق طلاء لبوب، لعوق معجون و یاقوتی وغیرہ کے بنانے کے صحیح و آسان طریق لکھے ہیں۔ نیز خاص خاص ادویہ کے احراق و تحمیص اصلاح و تدبیر ترویق تقطیر تصعید و تکلیس، تشویہ و تصفیہ وغیرہ کے متعلق تمام ضروری اعمال دوا سازی کو نہایت وضاحت سے آسان طریق پر سلیس اردو میں بیان کیا ہے۔

⑤ **ضمیمہ علاج الامراض** میں ترتیب وار ہر مرض کا اردو ہندی عربی اور انگریزی نام لکھ کر اس کے علاج میں جس قدر مفید و مجرب مرکبات معمول و مستعمل ہیں ان سب کو اس کی تحت میں ترتیب وار بمعہ مقدار خوراک لکھا ہے جس سے با آسانی معلوم ہو سکتا ہے کہ فلاں مرض میں کون کون سے مرکبات مفید ہیں۔ مذکورہ بالا خصوصیات کے لحاظ سے یہ کتاب ہر ایک معالج (حکیم، ڈاکٹر، وید) اور ہر ایک دوا ساز و عطار کے لئے نہایت ضروری و مفید ہے۔

فہرست

فہرست کتاب المرکبات

باب الغین المعجمہ

باب الفاء المعجمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آبزن آبزنات (یا) حمام جلوسی

طبی اصطلاح میں آبزن سے مراد ہے۔ کسی بڑے برتن ٹب یا ناند وغیرہ میں نیم گرم پانی یا دواؤں کا صاف نیم گرم جوشاندہ بھر کر اس میں مریض کو تابہ کمر پانی کے سرد ہونے تک بٹھانا۔ جدید اطباء مصر اس کو حمام جلوسی یا حمام نصفی کہتے ہیں۔ اور انگریزی میں اس کو سٹر باتھ یا ہپ باتھ کہتے ہیں۔

نوٹ :۔ مطلق آبزن کا اطلاق آبزن رطب پر ہوتا ہے۔ کیونکہ آبزن یابس میں بدن پر پانی کا استعمال نہیں ہوتا بلکہ اس میں صرف گرم بخارات کے ذریعے بدن پر پسینہ لایا جاتا ہے۔ آبزن یابس حمام یابس اور حمام ہوائی بھی کہتے ہیں۔ انگریزی میں اس کو ہاٹ ائر باتھ کہتے ہیں۔

آبزن بزوری۔ سنگ گردہ اور مثانہ میں مفید ہے۔ استعمال مریض کو جوشاندہ میں بٹھائیں۔ نسخہ۔ تخم خطمی، بادیان، تخم سویہ، تخم کرفس، تخم میتھی، تخم کڑ، اجوائن دیسی ہلیون، کلونجی، تخم شلغم، تخم قلت، تخم گذر، تخم خربوزہ، دوقو ہر ایک ۳ ماشہ حسب معمول تیار کریں۔

آبزن رطب۔ جو واسطے دفع حرارت و یبوست کے بحالت بخار یا اس کے سوا بدن پر سردی اور تری پہنچانے کے لئے مفید ہے۔ نسخہ، گل بنفشہ، گل نیلو فر، کشنیز سبز ہر ایک ایک تولہ، تخم کاہو، تخم خرفہ نیم کوفتہ ہر ایک ٦ ماشہ، برگ بید، برگ کاہو، تخم خیارین تراشہ کدوئے سبز ہر ایک تولہ، پوست خشخاش کوفتہ، تخم خشخاش ہر ایک ٦ ماشہ، برگ بارتنگ، گل بستان افروز، گل خطمی سفید، شاہسفرم یعنی نازبو، ہر ایک ۹ ماشہ۔ جو مقشر کوفتہ ۲ تولہ، سب کو چار سیر پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور پھر ٹب میں نیم گرم پانی بھر کر اس میں دوا کا پانی ملا دیں۔ اور پھر اس میں روغن بنفشہ ۲ تولہ اور بکری کا دودھ نصف سیر ملا کر اس میں مریض کو تابہ گردن بٹھائیں۔ اور اس کے دماغ میں گرمی خشکی غالب ہو تو یہی پانی لے کر متواتر اس کے سر پر بھی دھارتے رہیں۔ ورنہ پانی کے سرد ہونے تک مریض کو اس میں بٹھائے رکھیں۔ پھر

مریض کو باہر نکال کر اس کے بدن کو تولیے وغیرہ سے خشک کر کے اس کو لباس پہنا دیں اور بستر پر لٹا دیں لیکن ہوازدگی سے بچائیں۔

آبزن قابض۔ حیض کی زیادتی کو روکتا ہے۔ اور خروج مقعد اور بواسیر خون کو بند کرنے میں خصوصاً" مفید ہے۔ استعمال بوقت ضرورت جوشاندہ میں بیٹھیں نسخہ گلنار، برگ مورد، مازو، شب یمانی، بلوط، خرنوب، پوست انار ہر ایک ۶ ماشہ۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے پانی میں جوش دے کر پانی میں بیٹھیں

آبزن محلل۔ جو امراض باردہ میں گرمی پہنچانے اور مواد کو تحلیل کرنے میں مفید و مستعمل ہے نسخہ۔ گل بابونہ اکلیل الملک مرزنجوش یعنی دو نہ مروا۔ اسطو خودوس برنجاسف، زوفا خشک ہر ایک ۲ تولہ۔ گیہوں کی بھوسی ۵ تولہ ۔ سب ادویہ کو حسب معمول جوش دے کر اور صاف کر کے نیم گرم پانی کے ٹب میں ملا کر اور اس میں روغن قسط شیریں ۲ تولہ ڈال کر اس میں مریض کو بٹھائیں۔

آبزن مرطب۔ جو رفع تشنج کے لئے مفید و معمول ہے نسخہ گل بنفشہ ۔ گل نیلو فر ہر ایک ۲ تولہ ۔ برگ بید جو مقشر کوفتہ ہر ایک ۲ تولہ، تراشہ کدو، کھیرا اور ککڑی تازہ ہر ایک ..... کاٹ کر ریزہ ریزہ کئے ہوئے ان سب دواؤں کو چار سیر عرق بید یا گلاب یا صاف پانی میں خوب جوش دے کر اور مل کر چھان کر پھر اس پانی کو ایک خالی ٹب میں ڈال کر اس کو نیم گرم پانی سے بھر دیں۔ پھر اس میں ایک سیر تازہ بکری کا دودھ ملا کر مریض کو اس میں پانی کے سرد ہونے تک بٹھائیں۔ اور یہ عمل دو دن میں دوبار صبح و شام کریں۔

آبزن مفتت حصاۃ گردہ اور مثانہ کی پتھری کے رفع کرنے میں مفید ہے۔ استعمال جوشاندہ کر کے مریض کو اس میں بٹھا دیں۔ نسخہ۔ بابونہ، درمنہ ترکی نمام مرزنجوش، برگ شلغم، سرگین کبوتر ہر ایک ۴ ماشہ سب کو جو کوب کر کے پانی میں جوش دیں۔ اور پھر کسی ٹب میں ڈال کر مریض کو اس میں بٹھائیں۔

آبزن مفید حصاۃ۔ جو گردہ و مثانہ کی پتھری میں مفید ہے۔ نسخہ ' بابونہ اکلیل الملک ' مرزنجوش 'کرفس 'کرنب 'گوکھرو سویا' ہنسراج ' خطمی کے پتے ہر ایک دو تولہ سب ادویہ کو حسب معمول جوش دے کر اور چھان کر نیم گرم پانی کے ٹب میں ملا کر اس میں مریض کو بٹھائیں۔

اثاناسیا صغیر۔ اثاناسیا کبیر

(آثانا سیا یونانی لفظ ہے۔ جس کے معنی ہیں مرض سے رہائی دینے والی دوا)

آثانا سیا صغیر۔ یہ بھی اثانا سیا کبیر کے قریب قریب فوائد رکھتی ہے۔ استعمال ۳ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ ۔ میعہ سائلہ' زعفران' قسط' باچھوڑ افیون سلیخہ ہر ایک ۱۴ ماشہ' عصارہ غافث ۲۸ ماشہ' اصل السوس مقشر ۳ تولہ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

اثانا سیا کبیر۔ جگر' تلی' معدہ کے ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔ کھانسی کو زائل کرتی ہے بلغمی دستوں کو بند کرتی ہے۔ اور مثانہ و گردہ کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ ضعف جگر میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال ۲ سے ۳ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی یا عرق سیب ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ زعفران' افیون' جند بیدستر' مر' بزرا لبنج' قسط' قروماناً' غافث ' خشخاش' سنبل الطیب' جنگلی بھیڑ کا سینگ اور بھیڑیے کا جگر ہر ایک ۶ ماشہ شہد خالص سہ چند ادویہ۔ حسب معمول تیار کریں۔

اثیر الملوک

حلق کے ورم نیز لہاۃ کوے کے گر جانے کو دور کرتا ہے۔ خنازیری گلٹیوں کو تحلیل کرتا ہے مرض خناق میں بالخصوص مفید ہے۔ استعمال گلے میں متورم جگہ پر چھڑکیں۔ نسخہ کافور ۴ رتی' الائچی' زعفران ہر ایک ۳ ماشہ' طباشیر سفید' سماق ہر ایک ۷ ماشہ زرورد ۵ ماشہ' شکر طبرزد' مورد مسلم' تخم خرفہ ہر ایک ۱۴ ماشہ ' حاشا ۱۸ ماشہ کوٹ کر سفوف تیار کریں۔

اطریفل اطریفلات

لفظ اطریفل معرب ہے۔ ہندی لفظ "تری پھل" کا جس کے معنی ہیں تین پھل چونکہ اس مرکب دوا کا جزو اعظم ہڑ، بہڑہ آملہ یہ تین پھل یا دوائیں ہوتی ہیں اس لئے اس کو اس نام سے نامزد کیا گیا ہے۔

اطریفل۔ چونکہ معجون کی قسم کا ایک مرکب ہے اس لئے اس کے بنانے میں ان تمام ہدایات کو مد نظر رکھیں۔ جو کہ معجون کے بنانے میں بیان کی گئی ہیں۔ لیکن اطریفل کے بنانے میں صرف اس قدر فرق ہے کہ ہلیلہ جات بہڑہ و آملہ کو باریک کوٹ چھان کر اور روغن بادام شیریں یا گائے کے گھی میں چرب کر کے قوام میں ملاتے ہیں اس سے ایک تو قوام نرم رہتا ہے اور دوسرے دوا کی قوت دیر تک قائم رہتی ہے۔

اطریفل اسطوخودوس۔ سر کے درد کو زائل کرتا ہے۔ اس کو ہمیشہ استعمال کرنا بالوں کو سیاہ رکھتا ہے۔ دماغ اور معدہ کو فضلات سے پاک کرتا ہے۔ یہ بلغمی اور سوداوی بیماروں میں خصوصیت سے مفید ہے **استعمال** صبح یا رات کو سوتے وقت، سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ** پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی، پوست بلیلہ، ہلیلہ سیاہ، آملہ، برگ سناء مکی، تربد سفید، سفائج فستقی، اسطوخودوس، مصطگی رومی، افیتمون، کشمش، مویز منقیٰ ہر ایک ۲ تولہ ۱۰ ماشہ، شہد سب دواؤں سے تگنا، حسب معمول اطریفل بنائیں **فائدہ** موسم گرما میں نیز گرم مزاج اشخاص کے لئے بجائے شہد قند یا مصری میں بنائیں۔

اطریفل افتیمون علویخانی۔ دماغی سوداوی امراض بالخصوص مالیخولیا میں مفید و مستعمل ہے **استعمال** علی الصباح ۹ ماشہ عرق شاہترہ ۶ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ **نسخہ** گلقند آفتابی۔ مویز منقیٰ، شہد سفید ہر ایک سوا پاؤ، عرق گلاب، عرق گاؤ زبان، عرق دار چینی عرق فرنجمشک ہر ایک پاؤ سیر، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ، آملہ منقیٰ زرشک منقیٰ ہر ایک ۳۵ ماشہ، گاؤ زبان، شاہترہ، اسطوخودوس، افتیمون، افسنتین رومی فرنجمشک سناء مکی، بادر نجبویہ ہر ایک ۲۵ ماشہ، سفائج فستقی، تربد سفید مدبر، راسن، تخم حنظل، ریوند چینی زراوند مدحرج، انیسون، سنبل الطیب، حجر ارمنی، لاجورد مغسول ہر ایک ۱۷ ماشہ، غاریقون سفید نرم ۱۱ ماشہ، حب بلسان عود صلیب۔ دار چینی نارمشک، نمام، پودینہ نہری سلیخہ مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ **ترکیب** اول الذکر تینوں دواؤں کو عرقیات مذکورہ میں حل

کر کے جوش دیں اور مل کر نچوڑ لیں۔ اور پھر قوام پر لے آئیں۔ باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن بادام شیریں سے چرب کر کے قوام مذکورہ میں شامل کریں۔

اطریفل افتیمون مسہل۔ مرض دوار کو زائل کرتا ہے۔ اور سوداوی اور مفراوی و بلغمی مواد کو دماغ سے براہ اسہال خارج کرنے میں خصوصیت سے معمول ہے استعمال، سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ نمک ہندی ۷ ماشہ افتیمون غاریقون۔ مغربل گاؤ زبان بادر نجبویہ گل سرخ ہر ایک ۱۷ ماشہ پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ، پوست بلیلہ۔ اسطوخودوس۔ آملہ مقشر۔ سفائج فستقی۔ تربد سفید ہر ایک ۲۵ ماشہ ایارج فیقرا ۳ تولہ۔ شہد سہ چند۔ حسب دستور اطریفل تیار کریں۔

اطریفل بادیان۔ اس کو ہمیشہ استعمال میں رکھنا ضعف بصارت سے محفوظ رکھتا ہے اور آنکھ کی جملہ بیماریوں میں معمول ہے استعمال صبح نہار منہ ۳ تولہ سونف کے عرق ۲ تولہ کے ساتھ کھائیں نسخہ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ آملہ کشنیز، گل سرخ ہر ایک ا تولہ۔ بادیان ۷ تولہ۔ شہد سہ چند ادویہ۔ بدستور تیار کریں۔

اطریفل دیدان ۔ معدہ کی بلغمی رطوبات کو چھانٹتا ہے۔ اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور بالخصوص اسی غرض کے لئے مفید و معمول ہے۔ استعمال رات کو سوتے وقت یا صبح نہار منہ ۵ سے ۱۲ ماشہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ برنگ کابلی ۳ تولہ تربد سفید مجوف حب النیل۔ قسط تلخ ہر ایک ۱۸ ماشہ ، ترمس، افسنتین، درمنہ ترکی۔ افتیمون نمک سانبھر تخم حنظل سعد کوفی۔ تخم راسن ہر ایک ۱۰ ماشہ شہد سہ چند حسب معمول تیار کریں۔ تین روز کے استعمال کے بعد ہلکا مسہل لیں۔ تاکہ کیڑے خارج ہو جائیں۔

اطریفل زمانی ۔ دماغ کا تنقیہ کرتا ہے۔ معدہ کو فضلات سے صاف کرتا ہے قولنج کو زائل کرتا ہے۔ اور مالیخولیائے مراقی۔ نزلہ۔ سر کے درد اور تبخیر میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۹ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ تربد سفید کشنیز خشک ہر ایک ۷ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ سقمونیا مشوی گل بنفشہ ہر ایک ۴ تولہ۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر۔ طباشیر۔ گل سرخ۔ گل نیلوفر ہر ایک، ۲ تولہ صندل سفید۔ کتیرا ہر ایک ا تولہ ترکیب تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن بادام ۱۵ تولہ سے چرب کر کے علیحدہ رکھیں اور عناب، سپستان ہر ایک ۱۰۰ عدد گل بنفشہ ۵ تولہ کو پانی میں

جوش دیں اور صاف کر کے شیرہ مربہ ہلیلہ ڈیڑھ گنا اضافہ کر کے سہ چند شہد کے قوام میں اطریفل تیار کریں۔

اطریفل حکیم علی۔ چھیپ۔ جھائیں۔ سیاہ داغ اور برص میں معمول و مفید ہے استعمال ۷ سے ۹ ماشہ ہمراہ عرق شاہترہ یا عرق منڈی ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ پوست ہلیلہ کابلی' پوست بلیلہ' آملہ 'افتیمون' ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ عاقر قرحا شیطرج ہندی ہر ایک ۷ ماشہ۔ دار فلفل۔ قرفہ ہر ایک ۱ تولہ شہد سہ چند۔ حسب معمول تیار کریں۔

اطریفل سنائی۔ قبض کو دور کرتا ہے۔ مالیخولیا کی تمام اقسام کو زائل کرتا ہے سر کے درد میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۷ ماشہ سے ۱۲ ماشہ صبح نہار منہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق مکو ۶ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ ہلیلہ کابلی' بلیلہ' آملہ' سنا مکی' ہموزن شہد سہ چند' حسب معمول تیار کریں۔ بنسخہ دیگر برگ سنا مکی کشنیز خشک ہر ایک ۱۲ تولہ مصطگی رومی ۵ تولہ پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ ابریشم مقرض ہر ایک ۲ تولہ شاہترہ لاجورد مغسول ہر ایک ۱ تولہ گل گاؤ زبان بادرنجبویہ۔ اسطوخودوس۔ بسفائج ہر ایک چھ ماشہ شہد سہ چند بدستور معمول تیار کریں۔

اطریفل شاہترہ۔ خون کو صاف کرتا ہے خارش کو زائل کرتا ہے۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ آتشک اور آتشک کے سبب جو دماغ میں گرمی محسوس ہو اس کے زائل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال ۷ ماشہ ہمراہ مصفی خون ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ شاہترہ ۱۴ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱۲ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ شہد خالص سہ چند حسب معمول تیار کریں۔

اطریفل صغیر۔ حافظہ بڑھاتا ہے۔ ذہن کو صاف کرتا ہے۔ بادی بواسیر کو زائل کرتا ہے تقویت دماغ میں بالخصوص مفید ہے۔ استعمال ۵ سے ۱۲ ماشہ۔ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ خشک مقشر پوست بلیلہ ہر ایک ۵ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند بدستور معلوم اطریفل بنائیں۔

اطریفل غددی۔ دماغ اور معدہ کو فضلات سے پاک کرتا ہے۔ مرض کنٹھ مالا میں خصوصیت سے معمول و مفید ہے استعمال علی الصباح ۱۲ سے ۱۵ ماشہ تک پانی یا عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ ہلیلہ سیاہ ۴ تولہ۔ اسطوخودوس ۱ تولہ سنا مکی ۲ تولہ۔ افتیمون ۳ تولہ۔ ہلیلہ۔ آملہ۔ تربد سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ بسفائج فستقی ۱ تولہ غاریقون نرکچور۔ شیطرج۔ نوشادر ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ انیسون۔ قرفہ۔ سنبل الطیب۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ۔ بکری کے گردن کی گلٹیاں خشک ۵ تولہ شہد سہ چند حسب معمول تیار کریں۔

اطریفل عرق مدنی۔ عرق مدنی یعنی نارو ا کے زخم کو خشک کرتا اور بھرتا ہے کرم زخم کو ہلاک کرتا ہے استعمال ۔ صبح نہار منہ ایک تولہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ زبد مجوف زنجبیل کمیلا ہر ایک ۱۰ ماشہ ۔ شہد سہ چند حسب معمول اطریفل تیار کریں۔

فائدہ۔ عرق مدنی نارو ا ایک قسم کا خبیث زخم ہوتا ہے۔ جس میں باریک سوت کے مطابق ایک لمبا کیڑا نکلتا ہے۔ بعض محققین اس کیڑے کی لمبائی ۲۰ گز تک بتاتے ہیں۔ جو تالاب یا جوہڑ کے گندہ پانی پینے سے ہو جاتا ہے۔

اطریفل فولادی۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ بادی اور خونی بواسیر کو زائل کرتا ہے شقیقہ کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ نزول الما اور آنکھ کے دیگر امراض نیز بلغمی مزاج اشخاص میں خصوصیت سے معمول ہے استعمال رات کو سوتے وقت یا صبح ۵ سے ۱۲ ماشہ تک عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ مویز منقیٰ۔ نمک سنگ ۔ فلفل دراز ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ کشتہ فولاد ہر ایک دو تولہ۔ ستاور ۳ تولہ اصل السوس ۴ تولہ۔ آملہ خشک ۱۰ تولہ نبات سفید ۲۰ تولہ۔ شہد خالص ۱۳۰ تولہ حسب معمول اطریفل تیار کریں۔

اطریفل قنبیلی۔ معدہ اور تمام بدن کے غلیظ بلغمی مواد کو چھانٹتا ہے۔ جوڑوں کے درد کو دور کرتا ہے۔ لیکن پیٹ کے کیڑے مارنے خصوصاً چرنوں اور کیچوؤں میں خصوصیت سے معمول و مفید ہے استعمال ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں پیٹ کو صاف کرنے کے لئے پہلے مریض کو ایک مسہل دے لیں۔ غذا میں میٹھی چیزوں سے پرہیز رکھیں۔ چار پانچ روز دوا دینے کے بعد پھر ایک مسہل دے دیں۔ تاکہ مردہ کرم خارج ہو جائیں۔

نسخہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ آملہ مقشر ہر ایک ۱۰ ماشہ کمیلا ۱۴ ماشہ۔ برنگ کابلی مقشر ۲۰ ماشہ تربد سفید مجوف ۶ ماشہ۔ حب السلاطین مدبر ۳ ماشہ قسط تلخ۔ ریوند چینی۔ سورنجاں۔ اندرجو تلخ ہر ایک ۵ ماشہ۔ ترمس۔ افسنتین۔ درمنہ ترکی افتیمون۔ خرول۔ نمک لفظی۔ تخم حنظل۔ سعد کوفی۔ راسن شیخ ارمنی۔ پلاس پاپڑہ۔ برگ سناء مکی ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ زیرہ کرمانی۔

زنجبیل ۔ انیسون مصطگی۔ گلسرخ ہر ایک ۳ ماشہ کتیرا۔ رب السوس ہر ایک ۱ ماشہ۔ شہد سہ چند۔ حسب معمول اطریفل تیار کریں۔

اطریفل کبیر۔ بینائی کو تیز کرتا ہے نزلہ کو روکتا ہے اور دماغ و معدہ کی تقویت باہ کو بڑھانے اور بواسیر کو زائل کرنے میں خصوصیت سے مفید و معمول ہے استعمال رات کو سوتے وقت ۷ ماشہ ہمراہ گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ ہلیلہ سیاہ۔ ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ زنجبیل۔ جلوتری۔ بوزیدان۔ شقاقل مصری۔ تودری سرخ۔ تودری زرد۔ اندرجوشیریں۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ کنجد مقشر۔ خشخاش سفید۔ مغز انار دانہ جنگلی ہر ایک ۹ ماشہ۔ ترنجبین خراسانی ۱۰ تولہ۔ شہد ۳ پاؤ حسب معمول اطریفل تیار کریں۔

اطریفل کشمکشی۔ دماغ اور معدہ کو قوت دیتا ہے جریان۔ سرعت انزال اور گرمی سے دھات آنے میں خصوصیت سے معمول ہے استعمال علی الصباح ۹ ماشہ۔ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ساتھ کھائیں نسخہ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ کشنیز خشک ۱۴ ماشہ۔ نبات سفید ۷ تولہ شیرہ کشمش ۲ تولہ حسب معمول اطریفل بنائیں۔

اطریفل کشنیزی۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ نگاہ کو تیز کرتا ہے۔ سر اور کان کے درد کو زائل کرتا ہے۔ آشوب چشم۔ نزلہ اور آنکھ کی دیگر بیماریوں میں مفید و معمول ہے استعمال ۔ رات کو سوتے وقت ۹ ماشہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ کے ہمراہ کھائیں نسخہ۔ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ مقشر۔ پوست بلیلہ۔ کشنیز خشک ہر ایک ۵ تولہ۔ شہد سہ چند حسب دستور اطریفل تیار کریں۔

اطریفل مقوی دماغ۔ سر کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ نزلہ کو روکتا ہے۔ بینائی کو تیز کرتا ہے۔ پھیپھڑا اور سینہ کے دیگر اعضا کو نزلہ سے محفوظ رکھتا ہے تقویت دماغ میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ علی الصباح ایک تولہ عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ کشنیز خشک مقشر۔ مغز بادام ہر ایک ا تولہ۔ تخم خشخاش۔ تخم کاہو۔ دار چینی۔

اسطو خودس ہر ایک ۶ ماشہ۔ بنفشہ بیخ بادیان۔ اصل السوس ۔ گاؤ زبان ہر ایک ۹ ماشہ۔ عناب ۵ دانہ۔ پستان ۱۷ دانہ۔ زوفا خشک۔ عود غرقی۔ سنبل الطیب ہر ایک ۴ ماشہ۔ بیخ سوسن۔ پرسیاؤشاں ہر ایک ۵ ماشہ انجیر زرد ۷ دانہ۔ مویز منقی ۴ تولہ۔ شہد سہ چند حسب معمول تیار کریں۔

اطریفل مقل۔ خونی بواسیر میں خون کو بند کرنے کے لئے خصوصیت سے معمول و مفید ہے استعمال علی الصباح ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر ہر ایک ۱ تولہ۔ مقل ارزق (گوگل) ۳ تولہ۔ مویز منقی ۴ تولہ۔ شہد سہ چند ترکیب منقی کو پیس کر اور گوگل سبز گندنا کے عرق میں حل کر کے بقیہ دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے سب کو ملائیں اور شہد کے قوام میں اطریفل بنائیں۔

اطریفل مسہل۔ دماغ کا تنقیہ کرتا ہے اور سر کے پرانے درد میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال روزانہ علی الصباح بقدر ۲ تولہ ہمراہ مطبوخ ہفت روزہ ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ زنگی۔ پوست بلیلہ آملہ مقشر۔ سفائج اسطوخودوس گاؤزبان۔ غاریقون۔ بادیان ہر ایک ۹ ماشہ مویز منقیٰ سنا مکی ہر ایک ۲ تولہ تربد سفید مجوف ا تولہ ۔ مغز بادام ا تولہ۔ شہد سہ چند حسب دستور اطریفل بنائیں نوٹ: مطبوخ ہفت روزہ کا نسخہ دیکھو مطبوخات۔

اطریفل ملین۔ دماغی بیماریوں کو زائل کرتا ہے۔ معدہ اور امعاء کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ سر کے درد اور رفع قبض میں مفید ہے استعمال رات کو سوتے وقت ۹ سے ۱۲ ماشہ تک ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ یا گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ مقشر۔ تربد سفید مجوف ہر ایک ا تولہ ریوند چینی بادیان مصطگی اسطوخودوس ہر ایک ۴ تولہ سقمونیا مشوی ۷ تولہ شہد سہ چند بدستور سابق اطریفل بنالیں۔

اطریفل معمول۔ خون کے فساد نزلہ تبخیر کو دور کرتا ہے۔ جنون میں معمول و مفید ہے۔ استعمال ایک سے دو تولہ تک عرق منڈی ۷ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ قرفہ شاہترہ۔ آلاچی خورد۔ تج۔ مصطگی ہر ایک ۴ ماشہ۔ گل

سرخ۔ اصل السوس مقشر ہر ایک ۹ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد تربد موصوف ہر ایک ۳ تولہ ۔ شکر سفید سہ چند حسب معمول اطریفل بنائیں۔

اطریفل ہامانی۔ بالوں کو سیاہ رکھتا ہے۔ برص کے سفید داغوں کو دور کرتا ہے بلغمی امراض میں خصوصاً بعد تنقیہ کے خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال علی الصبح ایک تولہ عرق شاہترہ ۱۲ تولہ یا عرق مرکب مصفی خون ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۵ تولہ ۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر۔ افتیمون برنگ کابلی مقشر ہر ایک ۳ تولہ تربد سفید موصوف ۴ تولہ۔ اسطوخودوس۔ سفائج فستقی ہر ایک ۲ تولہ غاریقون ۱ تولہ کندر سعد قسط زنجبیل زوفا ہر ایک ۱ تولہ شیطرج ہندی سازج مصطگی انیسون حاشا ہر ایک ۷ ماشہ فلفل۔ دار فلفل۔ نارمشک ہر ایک ۱ تولہ شہد سہ چند بدستور معروف اطریفل تیار کریں۔

امروسیا۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ جگر اور تلی کے ورموں کو تحلیل کرتا ہے استسقاء کو زائل کرتا ہے گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے۔ ضعف معدہ اور اسہال میں خصوصیت سے معمول و مفید ہے۔ استعمال ۴ ماشہ گرم پانی کے ہمراہ کھائیں۔ نسخہ قسط تلخ سفید مرچ دار فلفل ہر ایک دو ماشہ۔ زیرہ کرمانی۔ دوقو۔ عود بلسان۔ سلیخہ۔ قردمانا۔ غنچہ اذخر تخم کرفس ہر ایک ۳ ماشہ درج ترکی۔ زعفران ہر ایک ۷ ماشہ مر ۹ ماشہ۔ حب الغار ۱۰ دانہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ۔ حسب معمول تیار کریں اور ۶ ماہ بعد کام میں لائیں۔

فائدہ۔ امروسیا یونانی لفظ سے ہے۔ جس کے معنی "مواد کا بند کرنے والا" ہیں۔ بقراط نے بادشاہ وقت کے لئے اس کو ترتیب دیا تھا۔

انکباب (یا) بھپارہ

انکباب کے معنی ہیں بھپارہ یا بھاپ لینا۔ یعنی دواؤں کے جوشاندہ کی بھاپ کسی عضو یا تمام بدن پر پہنچانا۔ چنانچہ کسی سوراخ دار برتن میں جوشاندہ ڈال کر اس کے سوراخ کے ذریعے عضو ماؤف کو بھپارہ دیتے ہیں۔ اور اگر سارے بدن کو بھپارہ دینا ہو تو مریض کو تاب گردن چادر یا کمبل اوڑھا کر اس کو کرسی وغیرہ پر بٹھا کر بھپارہ دیتے ہیں یہ عمل دس پندرہ منٹ تک کرنا چاہیئے۔ جدید اطبائے مصر اس عمل کو حمام بخاری کہتے ہیں۔ اور

انگریزی میں اس کو وپیپر باتھ کہتے ہیں۔

(نوٹ) ڈاکٹری میں یہ عمل اس طرح کیا جاتا ہے کہ ایک کھلے منہ کی دیگچی میں دواؤں کا جوشاندہ ڈال کر اس کو سپرٹ لیمپ پر رکھ دیتے ہیں۔ اور اس کے اوپر بید کی بنی ہوئی کرسی بچھا کر اس پر مریض کو تابہ گردن کمبل اوڑھا کر بٹھا دیتے ہیں۔ سپرٹ لیمپ کی حرارت سے دوا کا پانی جوش کھاتا ہے۔ اور اس کی بھاپ سارے جسم پر اثر کرتی ہے۔

انکباب اوراقی۔ بواسیر مسوں کو تحلیل کرنے میں معمول و مفید ہے۔ **استعمال** بواسیری مسوں پر جوشاندہ کی بھاپ پہنچائیں۔ **نسخہ** ۔ برگ بکائن برگ گندر برگ سنبھالو برگ بھنگ برگ جامن۔ برگ سرس۔ برگ نیب۔ برگ درخت کنگھی۔ برگ ارہر امر بیل ہر ایک ۷ ماشہ پانی میں ڈال کر دیگچی میں خوب جوش دیں۔

انکباب حار۔ جو درد گوش بارونزلی اور ریحی میں تحلیل مادہ کے لئے جس کو قطورات سے آرام نہ ہو معمول و مفید ہے۔ نیز کان سے پیپ آنے کو بھی نافع ہے **نسخہ** گل خطمی۔ گل بابونہ' اکلیل الملک۔ بزرکتان۔ تخم مرو۔ نمام۔ مرزنجوش پر سیاؤشاں ہر ایک ۶ ماشہ۔ زوفا خشک ۱۳ ماشہ سب کو آدھا سیر پانی میں جوش دے کر اس کو ایک لوٹے میں ڈال کر اس کی ٹونٹی سے بھاپ پہنچائیں۔

انکباب دافع درد گوش جو درد و ورم بارد گوش میں مفید ہے۔ **نسخہ** بابونہ۔ افسنتین۔ اکلیل الملک ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو نصف سیر گائے کے دودھ میں جوش دے کر حسب معمول بھپارہ دیں۔

انکباب منضج شبور۔ کان کی پھنسی کو پکانے اور اس کے زخم کو مواد کے صاف کرنے میں مفید ہے۔ **نسخہ** السی ۔ میتھی۔ سویا۔ بابونہ۔ اکلیل الملک۔ گل خیرہ۔ مکوہ۔ برگ نیب ہر ایک ایک تولہ سب کو نصف سیر پانی میں جوش دے کر حسب معمول بھپارہ دیں۔

انکباب نافع تخناق۔ جو خناق دموی و صفراوی میں انتہائے مرض میں جب کہ خناق سخت ہو گیا ہو مفید ہے۔ **نسخہ۔** بنفشہ۔ خبازی۔ عنب الثعلب۔ گل خطمی اکلیل الملک ہر ایک ۱ تولہ۔ سب کو نصف سیر پانی میں جوش دے کر اس کی بھاپ حلق میں پہنچائیں۔

اکسیر سرخ۔ یہ قوت باہ کے لئے بہت مفید ہے۔ نامرد کو مرد اور مرد کو جوانمرد بناتی ہے۔ مقدار خوراک ایک چاول تازہ مکھن میں رکھ کر کھائیں۔ اور اوپر سے دودھ پئیں۔ نسخہ شنگرف قسم اعلیٰ بیش سفید (بچھناک) ہر ایک دو تولہ پہلے بیش سفید کو باحتیاط سفوف کریں اور زمین قند کو کوٹ کر اس کا عرق نچوڑ لیں۔ پھر زمین قند کے عرق میں بیش کے سفوف کو ملا کر اور اس کے درمیان میں شنگرف کی ثابت ڈلی رکھ کر اور موٹے کپڑے میں مضبوط لپیٹ کر گولہ بنائیں اور ایک تانبے کے دیگچہ میں روغن معصفر (روغن کڑ) تین سیر ڈال کر اس میں دوا کے اس گولے کو ڈال دیں اور دیگچہ کا منہ خوب بند کر کے اور سرپوش کو ایک پتھر سے دبا کر اسے چولھے پر چڑھا دیں۔ پہلے ایک پہر یعنی تین گھنٹہ تک دھیمی آنچ دیں۔ پھر تین پہر یا ۹ گھنٹے تک تیز آنچ دیتے رہیں۔ جب دیگچہ میں زور شور کی آوازیں پیدا ہونے لگیں تو سرپوش کا خیال رکھیں۔ کہ کھلنے نہ پائے۔ پورے بارہ گھنٹہ آنچ دے چکنے کے بعد دیگچہ کو اتار لیں اور سرد ہونے پر شنگرف کی ڈلی نکال کر خوب باریک سفوف کر کے رکھ لیں اور حسب ضرورت بطریق مذکورہ بالا استعمال کریں۔

(نوٹ) اس دوا کو سردی کے موسم میں استعمال کرنا چاہیے۔ نیز گرم مزاج والوں میں احتیاط سے استعمال کریں بلغمی مزاجوں اور کمزوروں میں بالخصوص مفید ہے۔

انقردیائے صغیر۔ یہ اپنے خواص میں انقردیائے کبیر کے مشابہ ہے استعمال صبح نہار منہ ۴ ماشہ' عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر ہر ایک ۳ تولہ۔ سعد کوفی۔ باپھڑ۔ کندر۔ وج ترکی۔ فلفل سیاہ ہر ایک ۵ تولہ زنجبیل ۔ عسل بلادر ہر ایک چار تولہ۔ شہد خالص سہ چند ہمہ اوویہ بطریق انقردیائے کبیر تیار کریں۔

انقردیائے کبیر۔ ہاضمہ بڑھاتی ہے۔ معدہ قوت دیتی ہے۔ باہ کو زیادہ کرتی ہے صرع فالج۔ لقوہ۔ نسیان اور دیگر امراض بلغمی میں اور بالخصوص بلغمی مزاجوں میں مفید و معمول ہے استعمال چار ماشہ علی الصبح عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں

نسخہ عاقر قرحا۔ شونیز۔ قسط شیریں۔ فلفل۔ دار فلفل۔ وج ترکی ہر ایک ۳ تولہ۔ برگ سداب۔ جنطیانہ۔ زراوند مدحرج۔ ہینگ۔ حب الغار۔ جند بید ستر شیطرج

انوشدارو

انوشدارو معجون کی طرح ایک مرکب دوا ہے جس میں جزواعظم آملہ ہوتا ہے۔ بنانے کی ترکیب آملہ پختہ تازہ وزن کر کے پانی میں پکا کر خوب اچھی طرح ملکر اس کی گھٹلی علیحدہ کریں۔ اور جھرجھرے کپڑے کی ایک موٹی صافی میں چھانیں۔ تاکہ اس کا گودا کپڑے میں نکل آئے اور ریشہ رہ جائے پھر بقیہ ریشہ اور گھٹلی کو وزن کر کے آملہ کے گودے کا وزن معلوم کریں اور اس سے دو چند شکر ملا کر قوام پختہ کریں اور قوام کے رہتے ہوئے اس میں دیگر اجزائے مسفوف ملائیں۔ اگر آملہ تازہ نہ ہوں بلکہ خشک ہوں تو ان کی گھٹلیاں نکال کر وزن کر کے دھولیں تاکہ گردوغبار سے صاف ہو جائیں پھر ان کو گائے کے تازہ دودھ میں ڈبو کر بارہ گھنٹے تک بھگو رکھیں۔ پھر زیادہ پانی ڈال کر جوش دیں۔ تاکہ آملہ کا کسیلا پن اور دودھ کی چکنائی دور ہو جائے۔ پھر دوسرے پانی میں جوش دے کر اور بطریق مذکورہ بالا مل کر اور جھرجھرے کپڑے میں چھان کر انوشدارو بنائیں۔

انوشدارو جدواری۔ مقوی جمیع اعضائے رئیسہ و معدہ اور قابض ہے پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ آملہ دس تولہ۔ دودھ میں بھگو کر کپڑے میں چھان لیں۔ قند سفید ایک سیر۔ نصف سیر گلاب خالص میں ملا کر قوام کریں۔ بالچھڑ۔ گل سرخ ہر ایک چھ ماشہ ۔ سعد کوفی۔ جدوار بنفشجی۔ مصطگی۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ۳ ماشہ۔ طباشیر۔ پوست ترنج ہر ایک ۴ ماشہ۔ تخم کاسنی۔ تخم خرفہ مقشر زرشک منقی ہر ایک ۷ ماشہ زرشک کا شیرہ گلاب خالص ۳ تولہ میں نکال کر ملائیں، ادویہ کو باریک پیس کر ملائیں ۔ بطریق معلومہ انوشدارو تیار کریں

انوشداروئے سادہ۔ مقوی معدہ وجمیع آلات غذا و ہاضم طعام ہے لنیت بواسیر کے لئے از حد مفید ہے۔ خوراک پانچ ماشہ سے ۹ ماشہ تک عرق بادیان یا عرق گاؤزبان بارہ تولہ کے ساتھ کھائیں۔ نسخہ۔ آملہ منقی آٹھ تولہ۔ طباشیر سفید کشنیز خشک پوست بیرون پستہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ غنچہ گل سرخ بائیس ماشہ۔ سعد کوفی پندرہ ماشہ۔ قرنفل۔ مصطگی۔ اسارون۔ بالچھڑ ہر ایک ایک تولہ۔ ایک تولہ آلائچی سرخ۔ تالیسپتر جلوتری الائچی سفید۔ جوزبوا۔ قرفہ۔ زعفران۔ پ وست ترنج۔ بابونہ ہر ایک سات ماشہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر نبات سفید و شہد خالص سب دواؤں سے سہ گنا لے کر قوام کریں اور ادویہ مسنونہ ملا کر

بطریق مذکور انوشدارو تیار کریں۔

انوشدارو سادہ۔ غذا ہضم کرنے معدہ کو قوت بخشنے اور دستوں کو روکنے میں بالخصوص اسہال معدی میں مفید و معمول ہے استعمال ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ گل سرخ ۱ تولہ سعد کوفی ۱۷ ماشہ۔ قرنفل۔ مصطگی ا سارون بالچھڑ ہر ایک ۱۰ ماشہ آلاپچی خورد۔ آلاپچی کلاں۔ زرنب۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔ قرفہ۔ زعفران ہر ایک ۷ ماشہ۔ آملہ مقشر آدھ سیر۔ قند سیاہ۔ شہد خالص ہر ایک ۳۳ تولہ ترکیب آملہ کو ۲۴ گھنٹہ گائے کے دودھ میں تر رکھیں۔ پھر مل چھان کر حسب معمول انوشدارو بنائیں۔

انوشدارو قابض۔ زلق الامعاو اسہال معدی و معوی میں مفید ہے۔ سوء ہضم کو دور کرتی ہے۔ مجرب ہے استعمال ۵ سے ۹ ماشہ تک کی مقدار میں عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ہمراہ دیں۔ نسخہ سعد کوفی (ناگر موتھ) اڑھائی تولہ۔ پوست بیرون پستہ۔ زرشک بیدانہ۔ اسارون (تگر) صندل سفید گلاب میں گھسا ہوا۔ خرفہ سیاہ۔ گاؤزبان۔ کشنیز خشک مقشر (بھوسی سے اتارا ہوا) طباشیر۔ قرنفل ہر ایک ۱ تولہ گل سرخ۔ مصطگی ہر ایک ۲ تولہ دار چینی سنبل الطیب (بالچھڑ) زرنب (تالیس پتر) آلاپچی خورد۔ اشنہ (چھڑیلہ) مشک خالص۔ زعفران، عنبر اشہب۔ گلنار فارسی۔ اقاقیا ہر ایک ایک تولہ۔ صدف سوختہ ساذج ہندی (تیز پات) فرنجمشک۔ رال مغز بیل۔ صمغ عربی۔ نشاستہ دانہ مویز ہر ایک ۱ تولہ آملہ گٹھلی سے صاف چالیس تولہ۔ بسد ڈیڑھ تولہ۔ جائفل جاوتری ہر ایک دو ماشہ الاپچی بڑی ۳ ماشہ شہد خالص نصف سیر۔ گلاب ایک بوتل۔ نبات سفید۔ یعنی کھانڈ یا مصری ڈیڑھ سیر بطریق مذکورہ بالا انوشدارو بنائیں۔

انوشدارو ئے لولوی۔ بے حد مقوی اعضاء رئیسہ۔ تمام اقسام مالیخولیا کے واسطے عموماً" و مالیخولیائے مراقی کے لئے خصوصاً" نہایت نافع۔ خفقان کو زائل کرتی ہے۔ ضعف جمیع احشا خصوصاً" معدہ و جگر میں مستعمل ہے۔ منہ میں خوشبو پیدا کرتی ہے۔ سرور و نشاط پیدا کرتی ہے۔ مقوی باہ ہے۔ بصارت کو بڑھاتی ہے بہت مفید و مجرب ہے۔ بے شمار منافع کا مجموعہ ہے خوراک پانچ ماشہ سے نو ماشہ تک ہمراہ عرق بید مشک چھ تولہ نسخہ غنچہ گل سرخ اٹھارہ، ماشہ، سعد کوفی۔ سنبل الطیب ہر ایک ۱۴ ماشہ، مروارید ناسفتہ، یشب کافوری، یاقوت رمانی۔ عقیق یمنی۔ بسد احمر سوختہ مغسول۔ مرجان قرمزی۔ زمرد کہنہ۔ لعل بدخشانی فادزہر معدنی۔ عنبر اشہب۔ ورق طلا محلول۔ ورق نقرہ محلول۔ کہربائے شمعی۔ درونج

عقربی۔ پوست بیرون پستہ۔ ابریشم مقرض۔ گل گاؤزبان۔ زعفران۔ غنچہ اذخر۔ خولنجاں۔ تالیسپتر۔ اسارون۔ جاوتری ہر ایک چار ماشہ۔ پوست ترنج۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری دار چینی۔ طباشیر سفید۔ فرنجمشک۔ صندل سفید۔ سازج ہندی۔ گل ارمنی مغسول۔ گل داغستانی۔ دانہ الائچی سفید۔ بادرنجبویہ ہر ایک چھ ماشہ۔ مشک تبتی دو ماشہ۔ شیرہ آملہ منقی چوبیس تولہ۔ زرشک منقی تین تولہ (آملہ اور زرشک کو ساڑھے چار سیر پانی میں بھگو دیا جائے۔ اور ایک دن رات گزر جانے کے بعد خوب جوش دیا جائے تاکہ ڈیڑھ سیر پانی باقی رہ جائے) پھر خوب مل کر قند سفید رب شیریں۔ رب امرود۔ سب ادویہ کا نصف وزن کرکے شامل کریں۔ شہد خالص مصفی سب ادویہ کے برابر وزن کرکے گلاب خالص میں حل کرکے نرم آگ پر جوش دے کر جھاگ اتارتے جائیں۔ جب جھاگ آنی موقوف ہو جائیں۔ تو آملہ وزرشک بھی اس میں شامل کرکے قوام کریں اور بقیہ ادویہ مسفوفہ ملاکر انوشدارو بطریق مذکورہ تیار کرکے چینی کے برتن میں محفوظ رکھیں۔

انوشدارولولوی خفقان کو زائل کرتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ اعضائے رئیسہ خصوصا معدہ کی تقویت میں معمول ہے استعمال علی الصبح ۷ ماشہ ہمراہ عرق سونف ۶ تولہ اور عرق مکو ۶ تولہ استعمال کریں نسخہ عنبرا شہب دو ماشہ۔ زعفران ۹ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ بسدشیب۔ سعد کوفی اذخر ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ ابریشم مقرض۔ طباشیر۔ سازج ہندی۔ سنبل۔ گل ارمنی ہر ایک ۲۲ ماشہ۔ عود خام ۲ تولہ۔ شیرہ آملہ ۱۱ تولہ نبات سفید اور شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

انوشدارو مقوی جگر سوء القنیہ و استسقاء میں نہایت مفید و مجرب ہے ہمیشہ معمول ہے خوراک ۷ ماشہ علی الصباح ہمراہ عرق کاسنی ۱۲ تولہ نسخہ گل سرخ سعد کوفی۔ فلفل سیاہ۔ قرنفل۔ اسارون۔ حب بلسان۔ باچھڑ۔ ریوند چینی۔ مصطگی۔ زرنباد جلوتری۔ زرنب۔ جو زبوا۔ زنجبیل۔ سازج ہندی۔ اذخر مکی ہر ایک ۹ ماشہ۔ گل غافث سات ماشہ۔ دار چینی ۱۴ ماشہ۔ مجیٹھ چار ماشہ۔ آملہ منقی ڈھائی تولہ۔ باریک پیس کر پلسان کے تیل میں چرب کرکے تمام ادویہ کے برابر گلقند اور دوگنا شہد ملاکر حسب دستور تیار کریں۔

ایارج۔ ایارجات

ایارج کے لغوی معنی ہیں دوائے الٰہی یعنی خدا کی دوا اور اصطلاح طب میں اس کے معنی ہیں مسہل دوا۔ اس نام کا مسہل پہلا مرکب ہے۔ جو دست آور فائدہ اور تنقیہ دماغ کے لئے زمانہ قدیم میں ترتیب دیا گیا۔ پھر اس کے اجزا میں وقتاً فوقتاً ترمیم ہوتی رہی۔

ایارج بارد گرم دردوں کو دور کرتا ہے۔ دانت اور کان کے درد نیز گرمی سے آنکھ دکھنے کو زائل کرتا ہے۔ مرض دوار اور دیگر دماغی گرم بیماریوں میں مفید و معمول ہے استعمال ۹ ماشہ شربت ترنجبین ۳ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ پوست ہلیلہ زرد۔ تربد مجوف بنفشہ ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ ایارج فیقرا ۱۰ ماشہ۔ گل سرخ۔ تخم کاسنی ہر ایک ۵ ماشہ۔ کتیرا۔ محمودہ مشوئی ہر ایک ۳ ماشہ۔ حسب دستور تیار کریں۔

ایارج شیبار مالی خولیا میں بلغمی اور سوداوی مواد کے اخراج کے لئے خصوصیت ہے۔ مفید و معمول ہے استعمال رات کو سوتے وقت بقدر ایک تولہ ہمراہ عرق گلاب ۹ تولہ یا گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ گل سرخ کندر۔ حب النیل۔ کیترا۔ دار چینی ہر ایک ۲ تولہ۔ صبر زرد۔ گوگل ہر ایک ۴ تولہ۔ ریوند چینی۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ غاریقون ہر ایک ۵ تولہ۔ اساروں۔ سنبل الطیب۔ زیرہ کرمانی ہر ایک ایک تولہ۔ تربد سفید مجوف۔ تخم حنظل ہر ایک ۶ تولہ۔ تخم گذر جنگلی۔ کبابہ ہر ایک چھ ماشہ بدستور معروف تیار کریں۔

ایارج فیقرا دماغ اور معدہ کو فضلات سے پاک کرتا ہے۔ غلیظ بلغم کو چھانٹتا ہے سر کی درد کو دور کرتا ہے۔ فالج لقوہ۔ استرخا اور جوڑوں کے درد کو زائل کرتا ہے۔ تنقیہ دماغ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۷ ماشہ شہد یا گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں اگر معدہ میں امتلا نہ ہو۔ ورنہ گلقند کے ساتھ کھائیں نسخہ بالچھڑ۔ دار چینی۔ عود بلسان۔ حب بلسان۔ سلیخہ۔ مصطگی۔ اسارون۔ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ۔ صبر سقوطری دو چند حسب معمول تیار کریں فائدہ چونکہ ایارج فیقرا گردہ کے لئے مضر ہے اس لئے بوقت استعمال اس کے ساتھ عناب کسی مناسب طریقہ سے استعمال کریں۔ کیونکہ یہ اس کا مصلح ہے۔ اسی طرح ایارج فیقرا

اطریفلات کے ساتھ دماغی فضلات کا تنقیہ کرتا ہے۔ اور گلقند کے ہمراہ معدہ کا بوقت استعمال حسب ضرورت بدرقہ تجویز کرنا چاہیے۔

ایارج کبیر دماغ کا تنقیہ کرتا ہے اور صفراوی بلغمی۔ سودای درد سر میں خصوصا معمول و مفید ہے استعمال ۱۴ ماشہ ہمراہ شربت قند استعمال کریں۔ نسخہ کیترا ۳ ماشہ۔ نمک ہندی ۱۰ ماشہ۔ گل سرخ۔ زنجبیل ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ تخم حنظل تولہ۔ سقمونیا ۱۴ ماشہ۔ ہلیلہ کابلی ۱۷ ماشہ۔ افتیمون۔ اسطو خودوس ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ ایارج فیقرا تربد موصوف ہر ایک ۳ تولہ بدستور معلوم تیار کریں

ایارج لوغا ذیا جذام۔ برص اور کان کے درد کو زائل کرتا ہے۔ تمام عصبی بیماریوں مثلا فالج۔ لقوہ۔ رعشہ اور دماغی امراض۔ دوار۔ شقیقہ۔ بیضہ۔ خوذہ وغیرہ میں معمول و مفید ہے استعمال ۱ تولہ ماء العسل کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ تخم حنظل۔ پیاز مشوی غاریقون۔ سقمونیا۔ کنکی سیاہ۔ اشق اسقور دیون ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ افتیمون۔ کماوذریوس گوگل ایلوا ہر ایک ۹ ماشہ۔ حاشا۔ انیسون۔ ساذج ہندی۔ فراسیون۔ جعدہ۔ سلیخہ۔ فلفل سفید۔ جاوشیر۔ جند بیدستر۔ سنبل الطیب۔ فطر اسالیون۔ زراوند طویل۔ عصارہ افسنتین فرفیون۔ حماما۔ زنجبیل ہر ایک ۷ ماشہ پکھان بید۔ اسطو خودوس ہر ایک ۳ ماشہ شہد خالص سہ چند ہمہ ادویہ۔ حسب معمول تیار کریں اور تیاری کے ۶ ماہ بعد قابل استعمال سمجھیں۔فائدہ لوغاذیا ایک حکیم کا نام ہے۔ جس نے اس مرکب کو ترتیب دیا ہے۔

ایارج ہو فقراطیس (ایارج بقراط) معدہ کی رطوبت کو خشک کرنے اور تبخیری سر کے درد کو تسکین دینے میں معمول و مفید ہے استعمال بقدر ۱۴ ماشہ ہمراہ گرم پانی استعمال کریں نسخہ جنطیانہ۔ سنبل الطیب۔ تخم حنظل۔ زراوند مدحرج۔ دار چینی۔ تج ہر ایک ۳ ماشہ۔ فطراسالیون۔ کمازریوس۔ اسطو خودوس۔ فلفلمویہ۔ مصطگی ہر ایک ۴ ماشہ ایلوا ۴ تولہ۔ شہد سہ چند ادویہ۔ حسب معمول تیار کریں اور ۶ ماہ بعد استعمال کریں فائدہ اس دوا کا موجد بقراط ہے۔ بقراط کا نام اصل میں ہبقراط HIPPOCRA + E ہے اس لئے اس دوا کا نام ایارج ' ہبقراطی یا ایارج بقراطی ہونا چاہیے تھا۔ لیکن تلفظ یا کتابت کی غلطی سے ہو فقرالیس بن گیا

باب الباء

باد مہرج (معرب باد مہرہ یا مہرہ باد) محلل ریاح ہے قولنج ریحی و بلغمی میں بہت مفید و مستعمل ہے خوراک سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ یا مربائے زنجبیل نو ماشہ نسخہ حلبہ۔ ہزار اسپند ہر ایک آٹھ تولہ۔ درونج عقربی۔ عاقر قرحا قلفل۔ دار قلفل۔ اسارون۔ سلیخہ۔ قسط شیریں۔ زعفران۔ زنجبیل ہر ایک سات ماشہ شہد خالص مصفے سہ چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں

بتیسا گٹھا کمر کے درد کو زائل کرکے اسے قوت دیتا ہے۔ عورتوں کی تمام اندرونی شکایات مثلا سیلان الرحم و بیقاعدگی حیض وغیرہ میں بہت مفید اور مستعمل ہے خوراک ایک لڈو روزانہ گائے کے تازہ دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ مازو مائیں خورد۔ پٹھانی لودھ۔ بابڑنگ۔ باؤ کھمبا۔ گل دھاوا۔ گوکھرو کلاں۔ گوکھرو خورد گل سپاری (چکنی ڈلی) موسلا سینبل۔ سمندر سوکھ۔ چھال درخت مولسری۔ گوند ڈھاک۔ آلاچی خورد۔ مجیٹھ۔ پلنگ توڑ۔ کمرکس ہر ایک ایک تولہ۔ سنگجراحت دو تولہ۔ گوند ببول سات تولہ سب کو باریک کر کے گھی میں بریاں کرکے رکھیں۔ پھر آرد برنج ساٹھی آدھ سیر۔ مغز نارجیل۔ چھوارہ چرونجی۔ پھول مکھانہ ہر ایک ایک چھٹانک۔ شکر سفید ۳ پاؤ۔ گھی ۳ پاؤ ترکیب سب دواؤں کو کوٹ چھان کرکے چاولوں کا آٹا اور شکر ملا کر مغزیات اضافہ کرکے گھی میں تیار کریں۔

بتیسا دیگر تمام فوائد مثل نسخہ مذکورہ بالا نسخہ موصلی سینبل۔ مجیٹھ سپاری کہنہ پلنگ توڑ۔ تخم سروالی۔ تخم گزر۔ بیجبند مغز کونچ۔ گل دھاوا۔ چریا کند۔ چینا گوند۔ مغز پلاس پاپڑہ اندرجو۔ تیج بل۔ سمندر سوکھ۔ بابڑنگ۔ اجوائن دیسی تا لمکھانہ سونٹھ گوکھرو خورہ۔ گوکھرو کلاں۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ دارچینی۔ مازو۔ باؤ کھنبا۔ لودھ پٹھانی۔ موچرس۔ کمرکس۔ بھوپھلی۔ آلاچی خورد اسگندھ ہر ایک اتولہ۔ سنگجراحت تین تولہ۔ میدہ گندم۔ میدہ برنج ساٹھی ہر ایک پاؤ سیر۔ شکر سفید ایک سیر۔ گھی آدھ سیر۔ بطریق مذکورہ بالا تیار کرکے استعمال کریں۔

نجور (مفرح بخارات کا) اس دوا کو کہتے ہیں۔ جس کو آگ میں جلا کر دھواں لیا جائے۔

نجور سیلان الانف۔ زکام جو گرمی کے باعث ہو اور ریزش نہ ہوتی ہو اس میں مفید ہے نسخہ کافور ایک ماشہ۔ گیہوں کی بھوسی۔ جو کا آٹا۔ باقلا کا آٹا۔ صندل سفید۔ گلسرخ۔ بنفشہ۔ جھاؤ کے پھل ہر ایک سات ماشہ ترکیب:۔ سب کو باریک پیس کر سرکہ کہنہ میں بھگو دیں۔ جب سرکہ جذب ہو کر خشک ہو جائے تو قدرے گلاب خالص ملا کر بیر کے برابر گولیاں بنا لیں ضرورت کے وقت ایک گولی کا حسب معمول بخور لیں۔

نجور علوی خاں کان کا درد جو سردی کے سبب ہو۔ کانوں کی بھنبھناہٹ نیز ثقل ساعت وغیرہ دیگر کان کی اکثر بیماریوں میں مفید و مستعمل ہے استعمال چادر وغیرہ اوڑھ کر جوشاندہ کے بخارات کان میں پہنچائیں۔ نسخہ:۔ بابونہ۔ اکلیل الملک۔ مرزنجوش۔ زوفائے خشک۔ پوست خشخاش۔ کوہ خشک۔ اسطو خودوس۔ افسنتین ہر ایک چھ ماشہ۔ دواؤں کو دیگچہ میں جوش دیا جائے۔ دیگچہ کے منہ کو اچھی طرح بند کر رکھا جائے۔ تاکہ ہر طرف سے بھاپ نہ نکل سکے۔ فائدہ اگر سودایت کا غلبہ ہو تو چوب چینی چھ ماشہ اضافہ کریں۔

نجور کرم دنداں۔ دانتوں اور ڈاڑھوں کے کیڑوں کو مار کر نکال دیتا ہے درد دنداں کو ساکن کرتا ہے۔ نہایت زود اثر مسکن ہے۔ ہمیشہ مستعمل ہے استعمال:۔ دو پیالے لے کر ایک میں کوئلہ کی آگ بھر لیں اور دوسرے پیالہ میں سوراخ کر کے اس کے اوپر ڈھانک دیں۔ سوراخ کے اوپر نلکی کا ایک سرا رکھا جائے۔ اور دوسرا سرا جس ڈاڑھ یا دانت میں درد ہو اس پر رکھیں۔ نسخہ:۔ تخم گندنا۔ تخم پیاز۔ اجوائن خراسانی ہر ایک چھ ماشہ باریک پیس کر موم خالص یا بھیڑ کی چربی میں ملا کر گولیاں بنائیں۔ حسب طریقہ مذکورہ بالا ایک گولی آگ پر ڈال کر بخور لیں۔

نجور مدر نفاس نفاس کے جاری کرنے میں نہایت مفید ہے استعمال اندام نہانی میں حسب معمول دھواں پہنچائیں۔ نسخہ مقل۔ زوفا۔ حرمل۔ رائی۔ بطم کا گوند ہر ایک چھ ماشہ۔ باریک پیس کر حسب معمول دھواں لیں۔

برشعشا برشعشا کے لغوی معنی دوائے سریع النفع کے ہیں۔ چونکہ برشعشا بہت سریع النفع مرکب دوا ہے۔ اس لئے یہ نام رکھا گیا ہے۔ مالیخولیا۔ نسیان زکام و نزلہ و دیگر

وبلغمی امراض کو دور کرتا ہے۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ میں بہت مفید ہے۔ معدہ اور جگر کے درد کا فائدہ دیتا ہے۔ اعصاب کو قوت دیتا ہے۔ دماغی اور عصبی امراض میں نہایت فائدہ مند اور مستعمل ہے۔

خوراک تین رتی سے دو ماشہ تک عرق گاؤ زبان بارہ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ اجوائن خراسانی ہر ایک ۵ تولہ۔ افیون خالص ڈھائی تولہ زعفران اصلی سوا تولہ۔ بالچھڑ۔ عاقر قرحا۔ فرفیون ہر ایک ۳ تولہ۔ شہد خالص سہ چند ادویہ۔

ترکیب سب ادویہ کو الگ الگ کوٹ چھان کر وزن کر لیں۔ دواؤں سے سہ چند شہد لے کر قوام بنا کر دوائیں ملا کر تین مہینہ تک جو میں دبا دیں۔ بعد سہ ماہ استعمال میں لائیں۔

فائدہ:۔ یہ دوا پانچ سال تک قابل استعمال رہتی ہے۔

برود۔ (برودات کا مفرد بمعنی سرد) اصلاحا" اس دوا کو کہتے ہیں جس کا استعمال آنکھ میں کیا جائے۔ اور اور اجزائے باردہ سے تیار کی گئی ہو۔

برود احمر آنکھ کی سوزش کو تسکین دیتا ہے۔ تازگی اور ٹھنڈ بخشتا ہے نہایت مفید اور مستعمل ہے استعمال صبح شام بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔ نسخہ شاونج مغسول دس ماشہ۔ روئی سوختہ پانچ ماشہ۔ مرداریدنا سفتہ ڈیڑھ ماشہ۔ نبات سفید ۱ ماشہ سب کو باریک مثل سرمہ پیس کر آنکھ میں لگائیں۔

برود اسود:۔ آنکھوں سے پانی بہتا ہو تو اسے رد کر دیتا ہے۔ آنکھ کی سفیدی کو کاٹنے میں بہت مفید و سریع الاثر و معمول ہے۔ استعمال دن میں دو تین مرتبہ سلائی کے ذریعے آنکھ میں لگائیں نسخہ سرمہ اصفہانی۔ توتیائے مغسول ہر ایک ۱ تولہ مرواریدنا سفتہ ۲ ماشہ۔ سازج ہندی ۱ ماشہ۔ زعفران نصف ماشہ۔ مار قشیشا ذہبی آٹھ ماشہ۔ مشک خالص کافور ہر ایک ایک سرخ۔ سرمہ کی طرح پیس کر آنکھ میں لگائیں۔

برود بنفسجی پلکوں کی خارش یعنی مرض جرب الاجفان میں نہایت مفید و مستعمل ہے۔ استعمال صبح و شام سرمہ کی طرح آنکھ میں لگائیں نسخہ بنفشہ۔ کشنیز خشک بریان۔ صمغ کتیرا ہر ایک چار ماشہ۔ نشاستہ دس ماشہ۔ سب کو کوٹ کر پانچ مرتبہ سرکہ دیسی میں تر کر کے خشک کر لیں۔ چھٹی مرتبہ خوب باریک سرمہ پیس کر کام میں لائیں۔

برود جالینوس ضعف بصارت اور سفیدی چشم میں نہایت مفید و مستعمل ہے۔ استعمال

صبح و شام آنکھ میں لگائیں نسخہ:۔ ایلوا۔ فلفل۔ دار فلفل شادنج مغسول۔ مقناطیس سوختہ مغسول ہر ایک چھ ماشہ۔ توتیائے کرمانی۔ سازج ہندی۔ مس سوختہ ہر ایک ایک تولہ۔ مامیثا۔ مازو چاکسو۔ انزروت۔ سمندر جھاگ ہر ایک تین ماشہ۔ آب انار ترش۔ آب انار شیریں بقدر ضرورت تمام ادویہ کوٹ چھان کر انار ترش و شیریں کے پانی میں پانچ مرتبہ تر کر کے خشک کریں۔ چھٹی مرتبہ خوب باریک پیس کر کام میں لائیں۔

برود حصرم۔ آنکھ سے پانی بہنے نیز مرض سبل و سلاق میں خصوصیت سے مفید و مستعمل ہے استعمال:۔ بدستور سابق استعمال کریں نسخہ:۔ سنگ بصری مغسول تین تولہ پوست ہلیلہ زرد۔ سونٹھ۔ زرد چوب ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ دار فلفل مامیراں ہر ایک ایک تولہ نمک ہندی چار ماشہ۔ آب انگور ترش۔ بقدر ضرورت سب دواؤں کو کوٹ چھان کر بیس روز آب انگور ترش میں تر رکھیں اور سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کام میں لائیں۔

برود دمعہ۔ آنکھ سے پانی بہنے کو بند کرنے میں خصوصیت سے نافع ہے استعمال صبح شام آنکھ میں لگائیں نسخہ:۔ استخوان ہلیلہ کابلی سوختہ دس ماشہ۔ نمک اندرانی۔ مازو ہر ایک ساڑھے تین ماشہ حسب معمول باریک پیس کر ریشمی کپڑے میں چھان کر رکھیں اور کام میں لائیں۔

برود قرع۔ گرمی کی وجہ سے جو آشوب چشم ہو۔ اس میں نہایت مفید ہے۔ استعمال:۔ صبح شام بطور سرمہ استعمال کریں نسخہ:۔ توتیائے کرمانی پانچ تولہ۔ آب کدو حسب ضرورت ترکیب:۔ توتیا کوٹ کر اور ریشمی کپڑے میں چھان کر رکھیں۔ اور کام میں لائیں۔

برود کافوری۔ آنکھوں کی سرخی کاٹتا ہے۔ گرمی و سوزش دور کر کے آنکھوں میں ٹھنڈک پیدا کرتا ہے گرم آشوب چشم میں مفید و مستعمل ہے استعمال صبح دوپہر شام سلائی سے لگائیں نسخہ:۔ سنگ بصری ایک تولہ۔ کافور چار ماشہ۔ حسب دستور بہت باریک پیس کر چھان کر کام میں لائیں۔

برود کافوری بہ نسخہ دیگر۔ توتیائے کرمانی خام انگور کے پانی میں بیس دن تک بھگو کر خشک کیا ہوا اٹھارہ ماشہ۔ کافور دو سرخ۔ خوب باریک پیس کر ریشمی کپڑے میں چھان کر حسب دستور استعمال کریں۔ فوائد مذکورہ بالا کے لئے مستعمل ہے۔ فائدہ۔ برود کا موجد حکیم سقیانوس ہے جس نے سب سے پہلے آشوب چشم کے لئے بادشاہ کے واسطے تیار کرایا تھا۔

باب الباء فارسیہ

پاشویہ (غسل قدمی یعنی پاؤں دھونا) اصطلاح طب میں اس عمل کو کہتے ہیں جس میں مریض کے پاؤں سادہ گرم پانی یا دواؤں کے نیم گرم جوشاندہ میں ڈال کر دھوئے جائیں۔ اور پنڈلی کو اوپر سے نیچے کی طرف ملایا جائے۔

پاشویہ باردورد سرحار۔ سرسام نیز سہر (بیداری) اور دیگر مقامی گرم امراض میں نہایت مفید ہے استعمال صاف کر کے پاشویہ کریں نسخہ۔ گل بنفشہ گل نیلوفر۔ گل خطمی۔ عنب الثعلب ہر ایک ایک تولہ۔ سبوس گندم چار تولہ۔ برگ بید۔ برگ کوکنار پاؤ سیر۔ دس سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تین حصہ باقی رہ جائے کام میں لائیں۔

پاشویہ حار سردی کے درد سر میں بالخصوص و دیگر مقامی امراض حار میں نہایت مفید ہے، استعمال بدستور سابق نسخہ گل بابونہ۔ اکلیل الملک۔ خطمی۔ مکوہ خشک۔ زوفائمام خرول۔ نمک طعام ہر ایک ایک تولہ۔ سبوس گندم چار تولہ حب معمول تیار کر کے کام میں لائیں۔ فائدہ زیادتی اثر کے لئے کاہی چوب چینی یا عشبہ مغربی اضافہ کرتے ہیں

پیام شفا۔ نام سے وجہ تسمیہ ظاہر ہے۔ فی الواقعہ نہایت زود اثر ہے۔ کھاتے ہی صحت کا پیغام لاتی ہے۔ متلی۔ قے۔ بدہضمی کھٹی ڈکاریں دور کر کے بھوک لگاتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ معدہ کی تمام شکایات میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ آدھی رتی گلقند دو تولہ میں رکھ کر تازہ پانی کے ساتھ قے وغیرہ کی حالت میں عرق سونف چھ تولہ عرق گلاب چھ تولہ سکنجبین دو تولہ کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ جوہر نوشادر ایک تولہ۔ ہرمچی ایک تولہ۔ تخم دھتورہ چھ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

پیام شفا بنسخہ دیگر۔ استعمال بدستور سابق نسخہ۔ دارفلفل ایک تولہ۔ جو ہر نشادر چھ ماشہ۔ تخم درخت۔ سوھانجنا۔ تخم درخت بھوا۔ کشتہ شنگرف ہر ایک تین ماشہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔ فائدہ۔ کبھی زیادتی تقویت کے لئے کشتہ فولاد کشتہ خبث الحدید تین ماشہ اضافہ کیا جاتا ہے۔

پیام صحت۔ ریاح کو توڑتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ ہر قسم کے دردوں کو تسکین دیتی ہے۔ متلی۔ قے۔ دست اور ہیضہ میں بالخصوص مفید ہے نسخہ۔ جو ہر نوشادر ۳ تولہ۔ ست پودینہ ٦ ماشہ فلفل سیاہ فلفل دراز۔ جوکھار۔ نمک مولی۔ کھار چرچٹہ۔ کھار کنٹیلی خورد ہر ایک ایک تولہ۔ شورہ قلمی دانہ آلائچی۔ لاہوری نمک ہر ایک تین تولہ۔ ہرمچی مصفے پانچ تولہ۔ حسب معمول تیار کریں۔

فائدہ جوہر نوشادر حسب ذیل طریق پر تیار کرنا چاہیے نوشادر کو کیلے کی جڑ میں کھرل کرکے جوہر اڑا لیں استعمال۔ ۴ رتی ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ

باب التاء الفوقانیہ

تریاقات

تریاق۔ جس کو ڈاکٹری میں تھریاک کہتے ہیں۔ یہ دونوں طبی و ڈاکٹری لغت یونانی لغت تھریاکا کی بدلی ہوئی صورت ہے۔ جو مشتق ہے۔ تھریوں سے جس کے معنی ہیں ہر جانور کاٹنے والا۔ چونکہ وہ دوا جس کو اب عام طور پر تریاق کہا جاتا ہے۔ ایسے زہریلے جانوروں بالخصوص سانپ کے زہر کا مارگ ہے۔ اس لئے اس کو تریاق افعی کے نام سے موسوم کیا گیا لیکن اب یونانی اطبا کی اصطلاح میں تریاق اس مرکب و مصنوعی دوا کو کہتے ہیں۔ جو کسی زہر کو دفع کرے اور روح کی حفاظت کرے۔ پرانی انگریزی زبان میں تریاق کو ٹرایکل کہتے تھے۔ جو اب ذرا بدل کر ٹریکل ہو گیا۔ جس کے معنی ہیں شیرہ۔ چونکہ تریاق کی ترکیب اور قوام میں شیرہ یا شہد شامل کیا جاتا تھا۔ اس مناسبت سے یہ نام تجویز کیا گیا تھا۔

تریاق اربعہ۔ دماغ اور دل کو قوی کرتا ہے۔ زہریلے اثرات زائل کرنے میں معمول و مفید ہے استعمال۔ ایک ماشہ گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ حب الغار۔ پکھان بید رومی۔ مرصافی۔ زراوند طویل ہر ایک چھ ماشہ شہد سہ چند ادویہ فائدہ۔ تریاق اربعہ کا اختراع حکیم اندروماخس نے کیا ہے۔

تریاق اسنان۔ سردی سے دانتوں کے درد میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال گولی بنا کر جس دانت میں درد ہو اس کے نیچے دبا رکھیں نسخہ ۔ فلفل گرد۔ عاقر قرحا۔ ہینگ نرکچور۔ نمک لاہوری ہر ایک چھ ماشہ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

بنسخہ دیگر بدستور سابق کام میں لائیں۔ جند بید ستر۔ ہینگ۔ فلفل سیاہ۔ زراوند مدحرج زنجبیل میعہ سائلہ۔ افیون۔ بزرا لبنج ہر ایک چھ ماشہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

تریاق افاعی۔ زہریلے کیڑوں کے اثر کو دور کرنے میں عجیب الاثر ہے۔ استعمال دو ماشہ ہمراہ عرق گلاب ایک تولہ استعمال کریں نسخہ۔ ایلوا زرد چھ ماشہ۔ مرصافی۔ زعفران ہر ایک تین ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

تریاق افیون۔ بھنگ ۔ افیون اور دیگر نشیلی چیزوں کے اثر کو دور کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ساڑھے تین ماشہ ہمراہ شراب کہنہ یا عرق ماء اللحم چھ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ ہینگ۔ زعفران۔ جندبید ستر۔ ابہل۔ فلفل ہر ایک سات ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں فائدہ۔ لیکن اس کے استعمال سے قبل مناسب یہ ہے کہ ماء العسل تخم شبت (سویہ) اور نمک سے قے کردیں۔

تریاق بلیغ النفع سانپ کے کاٹے میں عجیب الاثر ہے استعمال چار رتی ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زراؤند مدحرج۔ جند بید ستر ہر ایک پانچ ماشہ فلفل دس ماشہ۔ انیسون تین تولہ۔ رب سیب سہ چند حسب معمول تیار کریں۔

تریاق ثمانیہ۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ زہریلے اثرات کو زائل کرتا ہے اور مرگی ۔ لقوہ۔ فالج اور دیگر عصبی بیماریوں میں بہت مفید ہے استعمال۔ صبح نہار منہ پانچ ماشہ عرق بادیان بارہ تولہ کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ مرکی ۔ حب الغار۔ پکھان بید رومی۔ قسط تلخ ہر ایک دو تولہ۔ مرچ سیاہ۔ سلیخہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ زعفران۔ دار چینی ہر ایک نو ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں۔ فائدہ۔ تریاق ثمانیہ کا موجد حکیم بلیدونس ہے۔

تریاق حب اترج۔ زہریلے جانوروں کے کاٹے سے یا زہر پی لینے سے جو بھی سمیت ہو اس کے زائل کرنے میں نہایت مفید اور زود اثر ہے استعمال۔ ڈیڑھ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ نمک طعام ۔ برگ سداب خشک ہر ایک پانچ تولہ۔ تخم اترج مقشر دس تولہ۔ مغز اخروٹ ۳۰ تولہ۔ انجیر تازہ حسب حاجت سب دواؤں کو باریک کوٹ کر انجیر کے گودے میں ملا کر رکھ لیں۔

تریاق ذرب۔ آنتوں اور معدہ کو قوت دینے دستوں کو بند کرنے نیز تمام اعضاء رئیسہ کو قوت بخشنے میں مفید ہے استعمال تین ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ مرجان۔ کہربا۔ عقیق۔ یشب۔ برادہ دندان فیل۔ طباشیر۔ طراشیت کشنیز خشک بریاں۔ صندل سفید۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔

زنل سعد۔ زیرہ کرمانی مدبر۔ مصطگی۔ کرویا۔ مازو سبز۔ گل ارمنی۔ شادنج عدسی۔ صمغ عربی۔ آردکنار۔ آرد سنجد۔ حب غدبہ۔ دانہ عناب بریاں۔ پوست بیرون پستہ۔ مویز منقے ہر ایک تین ماشہ۔ ورق نقرہ ایک ماشہ۔ تخم خرفہ بریاں۔ خشخاش سفید۔ دانہ انگور کلاں ہر ایک پانچ ماشہ۔ عود خام۔ بزرا لبنج ہر ایک دو ماشہ۔ رب شیریں۔ رب موردسہ چند ادویہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ربوب کے قوام میں ملائیں۔ گرم اور ثقیل چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

تریاق الذہب۔ مالیخولیا۔ مرگی اور جذام کو دور کرتا ہے۔ استسقاء اور یرقان کو زائل کرتا ہے۔ پیشاب کھل کر لاتا ہے۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری توڑتا ہے۔ خفقان کا ازالہ کرتا اور بواسیر کو دور کرتا ہے۔ مالیخولیا وغیرہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال سنگ مثانہ میں ایک گولی عرق کرفس کے ساتھ اور خفقان میں ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ اور بواسیر میں ہمراہ عرق عناب بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ بے موتی بقدر ضرورت عرق لیموں حسب حاجت صبر سقوطری سات ماشہ۔ سقمونیا پندرہ ماشہ۔ افیتمون دار چینی قصب الزیرہ ہر ایک چار ماشہ۔ ترکیب مروارید کو لیموں کے عرق میں ڈال کر شیشی بند کر کے تین ہفتہ گرم پانی میں رکھیں۔ جب وہ حل ہو کوٹ چھان کر اس عرق میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں فائدہ۔ اگر تقویت باہ منظور ہو تو اسی میں ورق طلاء حسب ترکیب بالا عرق لیموں میں رکھ کر محلول ہونے پر تمام ادویہ ملا کر کام میں لائیں زہریلے اثرات کے دفعیہ کے لئے روغن بنفشہ میں حل کریں۔ تنبیہہ۔ تریاق الذہب کا مخترع حکیم انطاکی ہے۔

تریاق ریتلا۔ ریتلا (ایک قسم کی زہریلی مکڑی) کے کاٹے میں نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ چار چاول کی مقدار میں شراب کہنہ یا عرق ماءاللحم عنبری چھ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ شونیز دس ماشہ۔ دو قوزیرہ کرمانی ہر ایک پانچ ماشہ۔ ابہل۔ جو زالسرد ہر ایک تین ماشہ۔ بالچھڑ۔ حب الغار۔ زراوند مدحرج۔ حب بلسان۔ دار چینی۔ خبطیانہ۔ تخم کرفس ہر ایک دو ماشہ۔ شہد خالص سہ چند حسب دستور بنائیں۔

تریاق رحم۔ رحم کی خرابیوں کو دور کرتا ہے۔ سیلان الرحم میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ دو ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل سپاری۔ گل پستہ۔ ڈھاک گوند ہر ایک چار تولہ۔ اندر جو شیریں۔ اسگند ناگوری ہر

ایک دو تولہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان ہر ایک تین ماشہ۔ کشتہ عقیق ڈیڑھ ماشہ۔
مصری آٹھ تولہ کوٹ کر چھان کر سفوف تیار کریں۔

تریاق سرطان۔ دیوانہ کتے کے کاٹے ہوئے کے لئے مفید ہے استعمال۔
تین ماشہ صبح و شام سرد پانی کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ کندر۔ جنطیانہ ہر ایک پانچ ماشہ۔
سرطان محرق دس ماشہ۔ شہد خالص سہ چند حسب معمول بنائیں۔ فائدہ۔ جالینوس کا
قول ہے کہ اگر چند روز برابر اس کا استعمال کیا جائے تو پانی سے خوف کرنا دور
ہوجاتا ہے۔

تریاق صغیر۔ سرد بیماریوں کو زائل کرتا ہے۔ زہریلے کیڑوں کے اثر کو
دور کرتا ہے سرد زہر اور سرد امراض میں خصوصیت سے مفید ہے نسخہ۔ زراوند
طویل۔ حب الغار جنطیانہ۔ پوست بیخ کبر افستنتین۔ زرد چوب۔ بیخ حنظل۔ قاشرا
ہر ایک چھ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند ادویہ۔ حسب معمول تیار کریں۔

تریاق طین مختوم۔ زہریلے اثرات کا بذریعہ قے اخراج کرتا ہے۔ اور
جب زہر کا اثر بالکل جاتا رہتا ہے۔ تو قے بھی خود بخود رک جاتی ہے استعمال تین
ماشہ غذا سے پہلے یا بعد کھائیں۔ نسخہ۔ گل مختوم۔ حب الغار۔ ایرسا ہر ایک چھ
ماشہ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

تریاق عام النفع۔ یہ بھی زہریلے اثرات کے لئے خصوصیت سے مفید
ہے استعمال۔ دو ماشہ ہمراہ ماء اللحم عنبری پانچ تولہ نسخہ۔ فلفل سفید۔ مر ہر ایک دو
ماشہ۔ خنطیانا چار ماشہ زراوند مدحرج پانچ ماشہ۔ تخم حرمل۔ کلونجی۔ زیرہ ہر ایک
سات ماشہ۔ شہد سہ چند حسب معمول تیار کریں۔

تریاق عقرب۔ بچھو کے کاٹے کے لئے مفید ہے استعمال سات ماشہ گرم
پانی کے ساتھ کھائیں۔ نسخہ۔ مرصافی۔ حب الغار۔ قسط تلخ۔ پودینہ خشک۔ سداب۔
جنگلی۔ جند بید ستر۔ عاقر قرحا۔ سونٹھ۔ فلفل۔ شونیز۔ ہینگ ہر ایک سات ماشہ۔ شہد
سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں۔ فائدہ۔ کبھی ان اجزاء کے ساتھ جنطیانہ۔
زراوند مدحرج بھی اضافہ کرتے ہیں۔

تریاق کبیر علویخانی۔ دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔ مالی خولیا۔ مرگی اور
دیگر دماغی امراض کو زائل کرتا اور ہر قسم کے زہریلے اثرات کو دور کرتا ہے۔ مرگی
اور مالیخولیا میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ تین ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ایک

تولہ یا دواء المسک معتدل سات ماشہ میں ملا کر عرق گاؤ زبان بارہ تولہ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ مرکی۔ گندہ بیروزہ۔ صمغ صنوبر (صنوبر کا گوند) جاؤ شیر ہر ایک چار ماشہ ان کو عرق نارنگی۔ عرق دار چینی اور عرق گلاب میں تر رکھیں۔ یہاں تک کہ سرکہ بن جائے۔ مومیائی ۔ عنبرا شہب ۔ مصطگی۔ کندر ہر ایک دو ماشہ۔ ان سب کو روغن بلسان تین تولہ میں ڈال کر ایک چینی کے پیالہ میں رکھیں۔ بعدہ مروارید یا قوت سرخ۔ زمرد۔ عقیق یمانی۔ کہربائے شمعی۔ فاد زہر معدنی خطائی ہر ایک چار ماشہ علیحدہ علیحدہ سنگ سماق پر گلاب کے ساتھ گھسیں۔ پھر لاجورد مغسول حجر ارمنی مغسول ہر ایک دو ماشہ ۔ ابریشم محرق تین ماشہ۔ اسقیل۔ حب الغار۔ خبطیانا۔ رزاوند طویل۔ قسط تلخ۔ زراوند مدحرج۔ تخم رازیانہ۔ فلفل سفید دار فلفل ۔ جدوار خطائی۔ عود قماری ۔ غنچہ اذخر۔ ریوندہ چینی بالچھڑ۔ قنطوریون دقیق۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ اسطوخودوس۔ زعفران۔ و رونج عقربی۔ فاوانیا عاقر قرحا۔ تخم سیسالیوس۔ پوست بیخ کبر۔ افتیمون۔ ساذج ہندی۔ نرکچور۔ نارجیل دریائی۔ انجدان رومی' نمام صعتر۔ جندبید ستر۔ کبریت زرد۔ زرنب بیخ کرمتہ لیبضا۔ غاریقون سفید۔ برنجاسف اقحوان (بابو نہ کوہی) بابونہ۔ ہر ایک چار ماشہ۔ گل سرخ چھ ماشہ۔ مشک تبتی۔ برگ محلصہ۔ فاد زہر حیوانی گل داغستانی ہر ایک دو ماشہ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ ترکیب۔ شہد کو نرم آنچ پر رکھیں اور صمغیات (گوند) کو اس میں ڈال کر خوب محلول کرلیں۔ بعدہ شہد کو نیچے اتار کر کشتہ طلاو کشتہ نقرہ نیز جواہرات ڈال کر خوب حل کریں۔ باقی اجزا کو روغن بلسان سے اچھی طرح چرب کر کے بتدریج ڈالیں تاکہ شہد میں خوب مل جائیں۔ چاندی کے برتن میں رکھ کر بقدر چار انگلی کے خالی رہے۔ دھوپ میں ایک ہفتہ تک رکھیں اور رات کو شبنم میں رہنے دیں۔ ایک ہفتہ کے بعد ایسے برتن میں رکھ کر کہ جس میں ماش سیاہ ہوں دفن کردیں۔ اور روزانہ ماش نکال دیا کریں۔ تاکہ بخارات نکل جائیں۔ اگلے روز نئے ماش بھر کر پھر دفن کر دیں۔ چار ہفتہ تک اسی طرح عمل کریں۔ پھر کام میں لائیں فائدہ۔ تریاق کبیر کو تریاق فاروق بھی کہتے ہیں۔

تریاق مثانہ مثانہ اور گردہ کے زخموں کو بھرتا ہے۔ آلات بول کی سوزش اور درد کو تسکین دیتا ہے۔ حیض جاری کرتا ہے۔ اور رحم کی خرابیوں کو دور کرتا ہے امراض مثانہ میں خصوصیت سے مفید و معمول ہے استعمال ابتدائے مرض میں بقدر چار ماشے تولہ ماء

العسل کے ہمراہ اور درمیان مرض میں نو ماشہ ماء العسل اور آب بار تنگ کے ساتھ اور آخر زمانہ مرض و انحطاط ہیں پانچ ماشہ ہمراہ آب انگور ترش استعمال کریں اور حیض کے لئے چنے کے زلال یا شیرہ خار خسک کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ۔ گھونگا محرق۔ شاخ گاؤ کوہی سوختہ۔ بسد مروارید ہر ایک پانچ ماشہ۔ افیون رب السوس ہر ایک نو ماشہ۔ سماق منقی۔ انگور ترش خشک طین فارسی (گل شیرازی) ریوند چینی۔ رامک۔ ابرک۔ خشخاش سفید۔ خشخاس سیاہ۔ بزرا لبنج ہر ایک چودہ ماشہ۔ ریشہ برگد۔ فطراسالیون۔ زوفائے خشک ۔ پودینہ کوہی۔ تخم خیارین۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ دم الاخوین ہر ایک بائیس ماشہ۔ صمغ آلو۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ حب القلت۔ حب صنوبر۔ خرنوب نبطی۔ مغز بادام کوہی۔ مغز بادام شیریں مقشر ہر ایک بتیس ماشہ۔ گل ارمنی مغسول۔ پینتالیس ماشہ۔ گل قبرسی ارسٹھ ماشہ۔ حب کاکنج چالیس دانہ۔ شہد سہ چند ادویہ۔ حسب معمول بنائیں۔ فائدہ۔ حکیم ابو ماہر نے تریاق مثانہ کا اختراع کیا ہے۔

تریاق نزلہ۔ کھانسی اور گرم نزلہ کے لیئے خصوصیت سے مفید ہے استعمل۔ صبح یا رات کو سوتے وقت سات سے بارہ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۲ تولہ شربت خشخاش دو تولہ استعمل کریں۔ نسخہ۔ اسطو خودوس ایک تولہ۔ گل گاؤ زبان۔ تخم مورو۔ کشنیز خشک ہر ایک تین تولہ۔ تخم کاہو پانچ تولہ۔ بزرا لبنج۔ کوکنار ہر ایک آٹھ تولہ۔ تخم خشخاش سفید گیارہ تولہ۔ مصری سہ چند ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر رات کو پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر صاف کر کے مصری کے قوام میں ملائیں اور گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ رب السوس۔ نشاستہ۔ صمغ عربی کیترا مرکی ہر ایک ا تولہ پیس کر شامل کریں۔

تریاق وبائی۔ طاعون میں خصوصیت سے مفید ہے۔ ایام وبا میں زہریلی ہوا کے اثرات سے محفوظ رکھتا ہے استعمال ۔ دو ماشہ سونف کے عرق بارہ تولہ کے ہمراہ کھائیں نسخہ۔ ایلوا زرد دو تولہ۔ مرکی۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

تنزوی خطائی تحلیل اورام میں خصوصیت سے نافع ہے استعمال۔ صبح شام ایک قرص عرق بادیان بارہ تولہ کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ مرکی۔ زراوند طویل۔ کند ایرسا۔ ریوند چینی۔ جند بید ستر۔ صندل سرخ۔ کیترا۔ جدوار خطائی۔ نرکچور۔ خبطیانہ۔ ناروین گل سرخ۔ مقل۔ زعفران ۔ سک۔ بادیان خطائی ہر ایک چھ ماشہ۔ پارہ مقتول تین ماشہ عرق

گلاب حسب ضرورت کوٹ چھان کر عرق گلاب میں چنے کے برابر قرص بنائیں۔

توتیائے کبیر۔ اعضائے رئیسہ کو قوت بخشتی ہے۔ دستوں کو بند کرنے اور معدہ آنتوں کو قوت دینے میں بہت مفید و معمول ہے استعمال دو سے چار چاول تک جوارش بسباسہ سات ماشہ یا معجون سنگدانہ مرغ سات ماشہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سنگ بصری دو تولہ۔ ورق طلا تین ماشہ۔ قرنفل۔ فلفل۔ فلفل گرد۔ مروارید ہرایک ایک ماشہ ترکیب سنگ بصری کو ایک سو ایک مرتبہ گائے کے پیشاب میں گرم کرکے بجھائیں۔ پھر بعد کو کوئلہ کی آگ پر اسقدر گرم کریں۔ کہ سرخ ہو جائے۔ پھر پانی میں بجھا کر اوپر کا چھلکا دور کرکے تمام دواؤں کے ساتھ عرق گلاب میں کھرل کریں۔ اور بقدر ضرورت مکھن شامل کر کے عرق لیموں میں دوبارہ کھرل کریں۔ جب چکناہٹ جاتی رہے۔ تو خشک کرکے نگاہ رکھیں۔

باب الجیم

جوارش۔ گوارش کا معرب ہے جو گواریدن (بمعنی ہضم ہونا) کا حاصل مصدر ہے معجون اور جوارش میں یہ فرق ہے کہ معجون خوش ذائقہ و بدذائقہ دونوں قسم کی ہوتی ہے۔ لیکن جوارش ہمیشہ خوش ذائقہ ہوتی ہے۔ جوارش کی ترکیب معجون کی ترکیب کے قریب قریب ہوتی ہے۔ صرف فرق اتنا ہوتا ہے کہ جوارش کے اجزاء بہ نسبت معجون کے کسی قدر موٹے پیسے جاتے ہیں (دیکھو معجون)

جوارشات

جوارش آملہ سادہ۔ دل اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ جگر کی حرارت کو زائل کرتی ہے۔ اور صفرادی دستوں کو بند کرتی ہے۔ تقویت معدہ اور اختلاج میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال علی الصبح سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ آملہ منقی سات تولہ۔ قند سفید ایک سیر گائے کے دودھ میں چوبیس گھنٹہ آملہ کو تر رکھیں بعد میں دھو کر پانی میں جوش دیں۔ صاف کرکے شکر کے قوام

میں شامل کر دیں۔ سات ماشہ علی الصبح عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ساتھ کھائیں۔ دیر ہضم اور بادی چیز نہ کھائیں۔

نسخہ دیگر استعمال۔ بدستور سابق استعمال کریں۔ آملہ خشک پانچ تولہ۔ پوست بیرون پستہ پانچ ماشہ۔ طباشیر۔ پوست ترنج۔ صندل سفید ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی۔ دانہ آلاچی ہر ایک چھ ماشہ۔ قند سفید ایک سیر۔ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش انارین۔ اندرونی حرارت کو تسکین دیتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے گرمی سے ضعف معدہ و جگر میں خصوصیت سے مفید و معمول ہے استعمال۔ بوقت صبح سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان سات تولہ عرق گذر پانچ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب انار شیریں۔ آب انار ترش ہر ایک ایک سیر۔ آب پودینہ۔ عرق گلاب ہر ایک ۸ تولہ۔ سنبل الطیب (بالچھڑ) مصطگی ہر ایک سات ماشہ۔ پوست ترنج۔ پوست بیرون پستہ۔ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ دانہ آلاچی خورد تین ماشہ۔ قند سفید ایک سیر۔ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش انبرباریس۔ معدہ اور آنتوں کو قوت دینے اور دستوں کو بند کرنے میں بالخصوص مفید ہے نسخہ۔ بسد۔ مروارید ہر ایک سات ماشہ۔ طباشیر۔ کہربا۔ مصطگی ہر ایک دس ماشہ۔ خرفہ سترہ ماشہ۔ زرشک بہیدانہ۔ سماق۔ مویز منقی۔ حب نانخواہ۔ سونٹھ تخم خیار ہر ایک اکیس ماشہ۔ بارتنگ چوبیس ماشہ۔ رب بہی سہ چند۔ حسب معمول تیار کریں۔ فائدہ۔ گرم موسم اور گرم مزاج اشخاص کے لئے سونٹھ اور نانخواہ اجزاء اس سے نکال دیں

جوارش انجدان۔ کھٹی ڈکاروں کو زائل کرتی ہے۔ قولنج میں مفید و معمول ہے استعمال۔ تین سے نو ماشہ تک عرق بادیان بارہ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ۔ فلفل۔ دار فلفل ہر ایک پانچماشہ۔ ایرسا۔ زنجبیل ہر ایک چھ ماشہ۔ انیسون۔ مصطگی۔ نانخواہ۔ تخم کرفس ہر ایک دو ماشہ۔ انجدان (بیخ درخت ہینگ) پندرہ ماشہ۔ شہد خالص دو چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش اترج۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ منہ کی بدبو کو دور کرتی ہے۔ ضعف ہضم میں معمول و مفید ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مشک ایک ماشہ۔ قرنفل۔ جو زبوا۔ قلفل۔ دار فلفل۔ قرفہ۔ الائچی۔ خولنجان۔ زنجبیل۔ دار چینی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ پوست ترنج خشک نو تولہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ بدستور معمول تیار کریں۔

جوارش اسقف معدہ اور آنتوں سے غلیظ بلغم کو نکالتی ہے۔ کولہے اور کمر کے درد کو

تسکین دیتی ہے۔ ریاحی بواسیر کو زائل کرتی ہے۔ قولنج کو دور کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے
استعمال۔ بطور ہاضم سات ماشہ ہمراہ عرق پودینہ چھ تولہ۔ اور بطور مسہل دو تولہ آب گرم استعمال
کریں۔ نسخہ۔ سقمونیا۔ تربد موصوف ہر ایک سات تولہ۔ فلفل۔ زنجبیل ہر ایک ۴ ماشہ۔ دار
چینی۔ آملہ مقشر لونگ۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ۔ قند سفید ۶ تولہ شہد سہ چند
ادویہ بدستور سابق تیار کریں۔

جوارش بارد۔ دستوں کو بند کرنے میں معمول و مفید ہے استعمال علی الصبح بقدر پانچ ماشہ
ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ کافور دس ماشہ۔ طباشیر۔ کہرباء آرد فوفل ہر ایک چودہ
ماشہ۔ شاہ بلوط۔ زعفران۔ نیلو فر ہر ایک سترہ ماشہ۔ گلسرخ۔ حب ہر ایک ایک اکیس ماشہ۔ تخم
حماض بریان ہر ایک چوبیس ماشہ۔ زرشک۔ بے دانہ پوست عنبیرا۔ پوست سیب۔ ہر ایک سات
ماشہ۔ انار دانہ ۵۲ ماشہ۔ رب سیب حسب ضرورت بدستور متعارف جوارش بنائیں

جوارش بسباسہ۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ معدہ کو گرم کرتی ہے اور
بادی بواسیر کو دور کرتی ہے۔ معدہ کی سردی اور بواسیر میں خصوصیت سے مفید ہے۔استعمال۔ صبح
شام یا صرف صبح پانچ سے سات ماشہ تک عرق بادیان بارہ تولہ یا تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
سنگ گردہ و مثانہ میں اس جوارش کو سفوف الاورام کے ساتھ استعمال کرنا مناسب ہے نسخہ۔
بسباسہ۔ قرفہ۔ دانہ الائچی خورد۔ زنجبیل۔ دار فلفل۔ دار چینی۔ اسارون ہر ایک ساڑھے تین
ماشہ۔ قرنفل پانچماشہ۔ سیاہ مرچ سات ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ڈیڑھ تولہ۔ قند سفید چھ تولہ۔ شہد
تین تولہ۔ حسب معمول جوارش بنائیں

جوارش بکرماجیت قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے اور کمر کو مضبوط کرتی
ہے۔ تقویت باہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ روزانہ ۲ تولہ جوارش عرق ماء اللحم عنبری
چھ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ صمغ عربی آدھ سیر۔ روغن گاؤ دو سیر۔ اسگند موصلی سیاہ۔
سونٹھ ہر ایک چھ تولہ۔ کنکول چار تولہ۔ دار چینی۔ خولنجان۔ کباب چینی۔ بسباسہ۔ عقرقرحا ہر ایک
چودہ ماشہ۔ قرنفل۔ جو زبوا ہر ایک تین تولہ۔ شکر سرخ دو سیر۔ مصری دو سیر۔ صمغ عربی کو گھی میں
بھونیں اور گھی کو صمغ عربی سے جدا کرلیں۔ بقیہ دواؤں کو کوٹ کرمذکورہ گھی میں چرب کر کے شکر
اور مصری کے قوام میں جوارش تیار کریں۔

جوارش تخم مویز۔ دستوں کو بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال سات ماشہ
ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مصطگی گلنار ہر ایک سترہ ماشہ۔ حب سماق ہر ایک

پینتیس ماشہ تخم مورد۔ صمغ عربی ہر ایک سترماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ بدستور معروف جوارش بنائیں۔

جوارش تفاح۔ دماغ۔ دل اور دیگر اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ ہاضمہ بڑھاتی ہے اور معدہ کو قوت بخشتی ہے۔ ضعف ہضم اور تقویت احشا کے لئے مفید و معمول ہے استعمال۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان چھ تولہ و عرق بادیان چھ تولہ استعمال کریں نسخہ سیب چالیس تولہ۔ شربت ریحانی حسب ضرورت۔ فلفل۔ دار فلفل۔ قرنفل ہر ایک نو ماشہ زنجبیل اٹھارہ ماشہ۔ زعفران دو ماشہ۔ عود ہندی بائیس ماشہ۔ شہد خالص دو چند وزن ادویہ۔ قند کے قوام میں ملا کر بقیہ دوائیں کوٹ چھان کر شامل کریں۔

جوارش تمر ہندی۔ دل ، جگر معدہ کو قوت دیتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے صفراوی قے اور دستوں کو روکنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ سات ماشہ سے بارہ ماشہ تک عرق گاؤ زبان بارہ تولہ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ تمر ہندی (املی) مویز منقیٰ انار دانہ شاہی۔ ہر ایک ستائیس تولہ ۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ تج قرنفل۔ جو زبوا۔ الائچی خورد کلاں۔ پودینہ ہر ایک چھ ماشہ۔ قند سفید ایک سیر ترکیب۔ مویز منقیٰ۔ املی و انار دانہ تینوں کو سرکہ میں تر رکھیں۔ اور چوبیس گھنٹہ بعد علیحدہ علیحدہ پیس کر شکر کے قوام میں خوب اچھی طرح ملائیں اور چمچہ سے خوب اچھی طرح ملائیں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں ۔ اور تھوڑا تھوڑا سرکہ یا عرق لیموں ڈالتے رہیں بعد کو سب دوائیں کوٹ چھان کر شامل کر کے جوارش تیار کریں۔

جوارش ثمو مغیلاں۔ دستوں کو روکنے میں عجیب الاثر ہے استعمال ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ فلفل۔ دار فلفل۔ سونٹھ۔ دانہ الائچی خورد۔ صمغ عربی بریاں۔ تج ہر ایک سات ماشہ۔ کمازج۔ ثمو مغیلاں ہر ایک چودہ ماشہ۔ شکر سفید پاؤ سیر حسب معمول تیار کریں۔

جوارش جالینوس۔ ریاح تحلیل کرتی ہے۔ تمام اعضاء کو قوت دیتی ہے۔ کمر کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ قبض توڑتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ بلغمی کھانسی کو زائل کرتی ہے اور سردی کے سبب سے زیادتی پیشاب کو زائل کرتی ہے مثانہ اور گردہ کے فضلات سے پاک کرتی اور بادی بواسیر کو دور کرتی ہے۔ ہیضہ میں اور معدہ کی تقویت میں بالخصوص مفید ہے۔ استعمال۔ علی الصبح سات سے بارہ ماشہ تک ہمراہ عرق بادیان کھائیں نسخہ۔ بالچھڑ۔ الائچی۔ تج قلمی۔ دار چینی۔ خولنجاں۔ لونگ۔ سعد کوفی۔ سونٹھ۔ سیاہ مرچ۔ فلفل دراز قسط شیریں۔ عود بلسان۔ اساروں۔ حب چرائتہ شیریں۔ زعفران ہر ایک سات ماشہ۔ مصطگی ایک تولہ۔ قند سفید برابر وزن ادویہ شہد دو چند حسب

دستور جوارش بنائیں۔

جوارش جاودانی۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ معدہ کو طاقت بخشتی ہے رنگ نکھارتی ہے۔ بواسیر کو زائل کرتی ہے۔ منہ کی گندگی کو دور کرتی ہے۔ اور حافظہ بڑھاتی ہے تقویت معدہ اور ضعف ہضم میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے استعمال۔ سات ماشہ جوارش بارہ تولہ سونف کے عرق کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ جو زبوا۔ بسباسہ۔ قرنفل۔ دارچینی۔ بالچھڑ۔ سعد کوفی۔ آملہ منقی۔ دانہ الائچی ہر ایک چھ ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ بدستور معلوم جوارش بنائیں۔

جوارش چائے خطائی۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ معدہ کی شکایات میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ پانچ ماشہ جوارش عرق بادیان یا گاؤ زبان یا گلاب میں جوش دے کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ مشک عنبر اشہب زعفران بادیان خطائی ہر ایک اکیس ماشہ۔ دانہ الائچی خورد۔ فوفل دکھنی ہر ایک چھ ماشہ گلاب پاؤ سیر۔ مصری ایک سیر۔ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش خبث الحدید۔ تقویت معدہ کے لئے عجیب الاثر ہے استعمال علی الصباح بقدر ۹ ماشہ۔ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ یا تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ خبث الحدید ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ شراب ریحانی بقدر ضرورت۔ حسب معمول جوارش تیار کرلیں۔

جوارش خرنوب۔ دستوں کو روکنے میں خصوصیت سے نافع ہے نسخہ۔ خرنوب بنطی منقی۔ زیرہ سیاہ۔ سماق۔ حب پوست کنار۔ بلوط۔ کشنیز بریاں۔ مصطگی۔ شہد سہ چند ادویہ۔ زیرہ کو سرکہ میں ترکرکے اور بریان کر کے تمام دواؤں کے ہمراہ کوٹ چھان کر حسب دستور شہد میں جوارش تیار کریں۔

جوارش خوزی۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ دستوں کو بند کرتی ہے۔ استسقاء کو زائل کرتی ہے۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ دستوں کو بند کرنے اور تلی کے ورم کو تحلیل کرنے نیز ہاضمہ کو قوت دینے میں معمول ومفید ہے استعمال ۔ پانچ ماشہ سونف کے عرق بارہ تولہ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ قسط۔ قرفہ۔ بالچھڑ۔ حب بلسان۔ سلیخہ۔ ہر ایک دس ماشہ جو زبوا پانچ دانہ دانہ آلائچی کلاں۔ لونگ۔ انیسون۔ اکلیل الملک۔ شیطرج۔ نارمشک ہر ایک چار ماشہ۔ بسباسہ و روغن عقربی ہر ایک تین ماشہ۔ ریوند چینی۔ زراوند مدحرج۔ اشنہ ہر ایک پانچ ماشہ ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی۔ بلیلہ دس دانہ حب بوزن ہمہ ادویہ بنات سفید دو چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش تیار کر کے دو ماہ کے بعد استعمال کریں فائدہ۔ اطبائے خوزستان نے اس جوارش کو ترتیب دیا تھا۔ اس لئے اس کا نام جوارش خوزی رکھا گیا ہے۔

جوارش خولنجاں۔ ریاح توڑنے غذا ہضم کرنے معدہ اور جگر کو گرم کرنے میں خصوصیت سے مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ تخم کرفس۔ زیرہ کرمانی۔ کرویا۔ کالیس فر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ خولنجاں۔ قرنفل قرفہ۔ قلفل۔ سعد کوفی ہر ایک سات ماشہ دانہ الائچی خورد۔ دار چینی۔ نارمشک ہر ایک نو ماشہ۔ زنجبیل دو تولہ۔ شکر سفید سہ چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش دار چینی۔ جگر کو قوت دیتی ہے۔ ضعف جگر میں معمول و مجرب ہے استعمال ۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ دار چینی۔ عود ہندی۔ راسن ہر ایک اکیس ماشہ۔ لونگ۔ سیاہ مرچ۔ بالچھڑ۔ اسارون ہر ایک سترہ ماشہ۔ سونٹھ پینتیس ماشہ پودینہ خشک اٹھائیس ماشہ۔ دانہ الائچی۔ قرفہ۔ کبابہ ہر ایک سترہ ماشہ انیسون۔ مصطگی سونف۔ تج سیاہ ہر ایک دس ماشہ۔ شہد خالص۔ سہ چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

جوارش زرشک۔ بھوک لگاتی ہے اور غذا ہضم کرتی ہے۔ فساد اشتہا میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال دو تولہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ یا تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زرشک۔ بیہدانہ چودہ ماشہ۔ گل سرخ سات ماشہ۔ بالچھڑ۔ برگ پودینہ۔ عود پوست ترنج۔ قرنفل۔ مصطگی۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں ۔ صندل ۔ ساذج ہندی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ قند سفید بیس تولہ۔ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش زرعونی سادہ۔ قوت باہ بڑھاتی ہے اور منی کی پیدائش میں زیادتی کرتی ہے گردہ اور کمر کی تقویت کے لئے خاص چیز ہے استعمال ۔ سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم گذر۔ تخم کرفس۔ تخم اسپست۔ نانخواہ۔ سونف۔ مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین۔ پوست بیخ کرفس۔ ہر ایک دو تولہ۔ عاقر قرحاتج قلمی۔ زعفران۔ مصطگی۔ عود خام ہر ایک سات ماشہ۔ .سباسہ۔ قرنفل۔ کباب چینی۔ سیاہ مرچ ہر ایک دس ماشہ قند سفید اور شہد سہ چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں۔ دماغ۔ جگر۔ گردہ اور مثانہ کو قوت بخشتی ہے۔ بلغمی سر کے درد اور کھانسی کو زائل کرتی ہے۔ ریاح کو توڑتی ہے۔ چہرہ کی رنگت نکھارتی ہے۔ معدہ کی خرابیوں کو دور کرتی ہے۔ کمر کو مضبوط کرتی ہے۔ نقرس کو دفع کرتی ہے باہ کو قوت دیتی اور مادہ تولید کی افزائش کرتی ہے اور بلغمی نیز سوداوی امراض میں مفید ہے استعمال ۔ پانچ سے نو ماشہ تک ایک چاول کشتہ فولاد کے ہمراہ۔ جبکہ تقویت گردہ مثانہ منظور ہو یا ریگ وغیرہ آتی ہو تو پانچ ماشہ ہمراہ کشتہ فولاد ایک برنج۔ کشتہ زمرد ایک برنج عرق اناس آٹھ تولہ شربت بزوری چار تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ثعلب مصری برادہ قضیب گاؤ۔ مغز کنجشک چرائتہ شیریں۔ خارخسک۔ خرما۔ ہر ایک نو ماشہ۔ تخم کرفس۔ تخم گذر۔ تخم شلغم۔ تخم شبت۔ تخم خربزہ۔ تخم خیارین۔ حب القلقل۔ حب الزلم۔ نانخواہ (اجوائن) سونف۔ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ۔ بیخ کرفس ہر ایک دو تولہ۔ عنبر نو ماشہ۔ مشک دو ماشہ۔ .سباسہ۔ قرنفل۔ فلفلمویہ۔ عاقر قرحا۔ کباب چینی۔ سونٹھ۔ خولنجان۔ جو زبوا گل سرخ۔ تخم خرفہ۔ دار فلفل۔ تخم اسپست۔ تخم حبر جیر۔ تخم پیاز۔ تخم گندنا۔ حب الرشاد تخم انجرہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ زعفران۔ کندر۔ مصطگی۔ عود ہندی ہر ایک چودہ ماشہ تخم ہلیون۔ بوزیدان۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری ۔ اندرجو شیریں ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ۔ قند سفید باون تولہ۔ شہد سواسیر۔ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش زعفران۔ فرحت بخشنے معدہ اور قلب کو قوت دینے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال تین ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ قرنفل جو زبوا۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ۔ شیطرج ہندی۔ گل گاؤ زبان۔ مصطگی۔ .سباسہ عود قماری خام۔ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ مشک ۲ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند حسب معمول تیار کریں۔

جوارش زنجبیل ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ اور بلغم کو چھانٹتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی اور بھوک لگاتی ہے۔ نیز بدہضمی کو دور کرتی ہے۔ تحلیل ریاح اور بلغمی بیماریوں میں مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ سات ماشہ عرق بادیان بارہ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ جو زبوا ایک دانہ۔ زعفران ساڑھے تین ماشہ۔ قرنفل۔ دار چینی ہر ایک سوا تولہ۔ صمغ عربی۔ الائچی خورد ہر ایک تین تولہ۔ سونٹھ پانچ تولہ دس ماشہ۔ نشاستہ ساڑھے گیارہ تولہ۔ قند سفید چونتیس تولہ۔ بدستور معروف جوارش بنائیں۔

جوارش زیرہ۔ منہ سے رال بہنے کو بند کرنے میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ ایک تولہ عرق بادیان بارہ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بورہ ارمنی پانچ ماشہ۔ فلفل تیرہ ماشہ۔ سونٹھ اٹھارہ ماشہ۔ زیرہ سفید پینتالیس ماشہ۔ قند سفید اسی تولہ۔ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش سفرجلی قابض۔ فرحت بخشتی ہے صفراوی قے اور دستوں کو بند کرتی ہے اور معدہ کو قوت دیتی ہے تقویت معدہ اور دستوں کے بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال سات ماشہ سے بارہ ماشہ تک عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ رب بہی شیریں۔ قند سفید۔ شہد خالص ہر ایک بیس تولہ عود ہندی دو تولہ۔ سونٹھ ڈیڑھ تولہ۔ سیاہ مرچ۔ دار فلفل لونگ ہر ایک سات ماشہ۔ زعفران دو ماشہ بدستور معمول جوارش بنائیں۔

جوارش سفرجلی مسہل۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ قولنج کو دور کرتی ہے اور خراب مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرنے میں مفید و معمول ہے۔ استعمال ۔ سات ماشہ ہمراہ مکوہ چھ تولہ و عرق بادیان چھ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ رب بہی شیریں آدھ سیر قند سفید۔ شہد خالص ہر ایک بیس تولہ۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں ہر ایک دو تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ مصطگی۔ سقمونیا مشوی ہر ایک ایک تولہ پانچ ماشہ۔ ترب سفید نوماشہ۔ سونٹھ نوماشہ۔ بدستور معمول جوارش بنائیں۔

جوارش سماق۔ جگر و معدہ وغیرہ کو قوت دینے صفراوی دستوں کو بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے نسخہ۔ سماق ۵ تولہ۔ تخم مورد اڑھائی تولہ۔ خرنوب نبطی دس ماشہ۔ صمغ عربی۔ گلنار فارسی۔ انار دانہ ہر ایک سترہ ماشہ۔ مویز منقی حسب ضرورت بدستور معمول تیار کریں۔

جوارش شاہی۔ فرحت بخشتی ہے۔ دل و دماغ کو قوت دیتی ہے وحشت و پریشان

خفقان کو زائل کرتی ہے۔ قبض کو رفع کرتی ہے۔ خفقان میں خصوصیت سے مفید ہے۔ دل و دماغ اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ دماغی اور
استعمال۔ علی الصبح پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان سات تولہ۔ عرق گذر پانچ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ زرشک ۹ تولہ۔ مربہ آملہ پچیس تولہ۔ مربہ ہلیلہ۔ گلاب۔ عرق بید مشک ہر ایک پچیس تولہ شربت انار شیریں۔ شربت انار ترش ہر ایک دس تولہ۔ قند سفید دس تولہ حسب معمول تیار کریں۔

جوارش شونیز۔ نسیان کو دور کرنے اور حافظہ بڑھانے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ شونیز۔ ہلیلہ کابلی ہر ایک اٹھارہ ماشہ زنجبیل۔ نانخواہ ہر ایک چھتیس ماشہ۔ شہد خالص۔ دو چند وزن ادویہ حسب دستور تیار کریں۔

جوارش شہریاراں۔ جگر اور معدہ کی بلغمی شکایات کو دور کرتی ہے۔ قولنج کو زائل کرتی ہے۔ اور قبض کو توڑتی ہے۔ جگر معدہ سر کی بیماریوں اور مرض عسر البول میں مفید ہے استعمال۔ علی الصبح یا رات کو سوتے وقت سات سے بارہ ماشہ تک تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ قرنفل۔ قرفہ۔ دار چینی۔ تج۔ بالچھڑ۔ جو زبوا۔ الائچی خورد۔ مصطگی۔ الائچی کلاں۔ حب بلسان۔ زعفران ہر ایک تولہ۔ سقمونیا۔ تربد مجوف۔ حب النیل۔ ہر ایک ڈھائی تولہ۔ شہد و شکر سفید ہموزن ادویہ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش شہنشاہی عنبری۔ فرحت بخشتی ہے۔ اندرونی حرارت کو تسکین دیتی ہے وحشت اور تبخیر معدہ کو زائل کرتی ہے۔ دل و دماغ اور معدہ کو قوت دینے میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ پانچ سے سات ماشہ ہمراہ عرق گذر پانچ تولہ و عرق گاؤ زبان سات تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زرشک نوتولہ۔ مربہ ہلیلہ عرق گلاب۔ عرق بید مشک ہر ایک چھبیس تولہ شربت انار شیریں۔ شربت انار ترش۔ سکنجبین سادہ۔ شربت نارنج۔ شربت لیموں ہر ایک دس تولہ۔ شربت آلو بالو پندرہ تولہ۔ عنبر نو ماشہ۔ ابریشم مقرض۔ ورق طلا۔ ورق نقرہ مروارید ہر ایک تیرہ ماشہ۔ گل گاؤ زبان۔ گل سرخ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ قند سفید دس تولہ۔ عنبر اور عرقیات کو عرق گلاب میں حل کریں۔ باقی خشک دواؤں کو عرقیات میں جوش دے کر شربت و مربہ جات نیز شکر کا قوام کر کے جوارش تیار کرلیں۔

جوارش صندل شیریں سرد خفقان کو دور کرنے اور معدہ اور جگر کو قوت دینے میں معمول و مفید ہے استعمال۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ ہر ایک چوبیس ماشہ۔ طباشیر سفید تخم خرفہ بریان کشنیز خشک

بریاں۔ پوست بیرون پستہ ہر ایک دس ماشہ۔ مصطگی۔ عود ہندی ۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ دار چینی۔ زعفران۔ سازج ہندی ہر ایک گیارہ ماشہ۔ کافور قیصوری دو ماشہ۔ شہد و شکر سفید سہ چند وزن ادویہ۔ حسب معمول تیار کریں۔ فائدہ سرد مزاج اشخاص کے لئے عنبر اشہب تین ماشہ اضافہ کرنا مناسب ہے۔

جوارش طباشیر۔ صفراوی قے اور دستوں کو بند کرنے معدہ کو قوت بخشنے سر چکرانے اور تبخیر کو زائل کرنے اور مفید و معمول ہے استعمال۔ پانچ ماشہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ گلسرخ۔ طباشیر۔ صندل سفید۔ کشنیز خشک آملہ منقی ہر ایک ۲ تولہ۔ حب پوست اترج۔ پوست ساق۔ مصطگی ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ کافور قیصوری چار ماشہ۔ رب بہی شیریں سہ چند ادویہ۔ مصری برابر وزن ادویہ۔ گلاب بقدر ضرورت حسب معمول تیار کریں۔

جوارش عود بارد گرم مزاج اشخاص کے فساد معدہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال پانچماشہ ہمراہ عرق مکوہ چھ تولہ عرق بادیان چھ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ عود دس ماشہ کشنیز خشک۔ گلسرخ۔ صندل سفید ہر ایک سات ماشہ۔ پوست بیرون پستہ۔ طباشیر ہر ایک چار ماشہ۔ کافور دو ماشہ۔ شکر سفید سہ چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش عود ترش غذا کو ہضم کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ بلغمی رطوبتوں کو چھانٹتی ہے۔ معدہ کی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ بالچھڑ۔ دانہ الائچی خورد۔ زعفران۔ پوست اترج قرنفل۔ دار چینی۔ بادر نجبویہ۔ مصطگی۔ طباشیر سفید ہر ایک چار ماشہ۔ عود ہندی سترہ ماشہ۔ آب سیب ترش انیس تولہ۔ عرق گلاب بائیس تولہ۔ قند سفید۔ شہد ہر ایک چھبیس تولہ آب لیموں تینتیس تولہ۔ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش عود حار۔ دل و دماغ اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ اور معدہ کی سردی کو زائل کرتی ہے۔ معدہ کے سرد امراض میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عود سترہ ماشہ۔ قرنفل دس ماشہ۔ مصری سہ چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش عود سادہ ۔ معدہ کی تمام خرابیوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال

نو ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ عود ہندی اٹھارہ ماشہ۔ پوست اترج مصطگی ہر ایک چار ماشہ حسب معمول تیار کریں۔

جوارش عود شیریں قبض توڑتی ہے۔ اور بھوک لگاتی ہے نیز معدہ کی تقویت میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ اسارون۔ زعفران ہر ایک سات ماشہ۔ عود ہندی ۔ دارچینی۔ جو زبوا قرفہ۔ الائچی خورد۔ لونگ۔ خولنجان۔ دار فلفل ہر ایک سترہ ماشہ۔ مصری آدھ سیر۔ شہد سہ چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

جوارش عود عنبری دل و دماغ کو قوت دیتی ہے۔ معدہ کو قوی کرتی ہے۔ اور تبخیر کو زائل کرتی ہے استعمال ۔ پانچماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ اجزائے جوارش عود سادہ میں عنبرا شہب چار ماشہ۔ عود قماری اٹھارہ ماشہ۔ مصری ایک سیر۔ عرق گلاب ادھ سیر اضافہ کر کے حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش عود ملین قبض کو دور کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ اور بھوک لگاتی ہے۔ استعمال سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان چھ تولہ۔ عرق مکوہ چھ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بادیان۔ انیسون۔ پودینہ۔ مصطگی۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک چار ماشہ عود ہندی طباشیر ہر ایک سات ماشہ۔ دار چینی۔ سنامکی۔ تربد سفید ہر ایک نو ماشہ۔ عرق گلاب پاؤ سیر مصری شہد ہر ایک تین پاؤ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش عنبر دستوں کو بند کرنے اور تمام بدن کی کمزوری کو زائل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال پانچ ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ بسباسہ۔ دارچینی ہر ایک نوماشہ۔ سونٹھ۔ دار فلفل ہر ایک پانچ ماشہ۔ طباشیر۔ ساذج ہندی۔ پوست اترج ہر ایک دو ماشہ۔ مصطگی۔ عنبرا شہب۔ لونگ۔ زعفران۔ قرفہ ہر ایک چار ماشہ۔ جو زبوا دس ماشہ۔ مشک خالص دو ماشہ۔ مروارید ناسفتہ چار ماشہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ۔ حسب معمول جوارش بنائیں (مجربہ علویخان)

جوارش عود کبریتی سرد مزاج کے اشخاص کے معدہ کو قوت دینے اور بھوک لگانے میں مفید و معمول ہے استعمال۔ تین سے سات ماشہ تک ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ

استعمال کریں۔ نسخہ عود دس ماشہ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ ساذج۔ پوست اترج۔ طباشیر۔ پودینہ۔ دار چینی ہر ایک چار ماشہ۔ گلسرخ سات ماشہ۔ نرکچور۔ لونگ جوزبوا ۔ بسباسہ۔ ہر ایک دو ماشہ۔ مصری پاؤ سیر۔ حسب دستور جوارش بنائیں۔

جوارش فلافلی۔ چوتھیا کو زائل کرتی ہے۔ اور معدہ کو تقویت دیتی ہے۔ ریاح تحلیل کرنے اور معدہ کے درد اور دیگر عوارضات کو دور کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال تین ماشہ ہمراہ شیرہ بادیان یا پنجماشہ۔ عرق بادیان چھ تولہ ۔ عرق مکوہ چھ تولہ۔ شربت بنفشہ ۴ تولہ۔ زنجبیل۔ تخم کرفس۔ تج۔ تخم انجدان رومی۔ تگر۔ تخم راسن ہر ایک ۶ ماشہ۔ قند سفید ہموزن ادویہ شہد دوچند وزن ادویہ حسب دستور جوارش تیار کریں۔

جوارش فنجنوش۔ معدہ کو تقویت دیتی ہے۔ ریاحی بواسیر کو زائل کرتی ہے۔ چہرہ کی رنگت نکھارتی ہے۔ مرض استرخا معدہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ فلفل۔ دار فلفل۔ زنجبیل۔ سعد کوفی۔ شیطرج ہندی۔ بابچھڑ ہر ایک پینتیس ماشہ۔ تخم شبت۔ تخم گندنا۔ ہر ایک چودہ ماشہ۔ خبث الحدید مدبر انتیس تولہ۔ روغن گاؤ حسب ضرورت۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ بدستور معلوم جوارش بنائیں۔

جوارش فنداویقون۔ معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہے استسقائے ریاحی کو زائل کرتی ہے اور کمر و معدہ کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ ضعف معدہ جو سرد ریاح کے سبب سے ہو۔ اس میں بالخصوص مفید ہے۔ استعمال۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ زنجبیل۔ سنبل الطیب ہر ایک اکیس ماشہ۔ مصطگی رومی۔ نانخواہ ہر ایک چودہ ماشہ تخم کرفس۔ پودینہ خشک ہر ایک سترہ ماشہ۔ تج۔ زیرہ کرمانی۔ حب بلسان۔ عاقر قرحا ہر ایک نوماشہ۔ ساذج ہندی تین ماشہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش فواکہ۔ معدہ و دل اور جگر کو قوت دینے صفراوی قے روکنے اور خمار کو زائل کرنے میں مفید و معمول ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب انار ترش۔ آب سیب۔ آب بہی۔ آب امرود۔ آب انگور ترش۔ آب زرشک۔ آب ساق۔ آب لیموں ہر ایک ایک تولہ قند سفید ہم وزن ادویہ حسب معمول

جوارش بنائیں۔

جوارش فواکہ قابض۔ معدہ کو قوت دینے دستوں کو بند کرنے میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ امرود (از تخم پاک کردہ) تیس تولہ۔ سیب (تخم برآوردہ) بیس تولہ۔ بہی (تخم بر آوردہ) چالیس تولہ۔ طباشیر تین تولہ۔ زرشک منقی چھ تولہ۔ شہد یا قند سفید اسی تولہ۔ امرود۔ سیب اور بہی کو تیز سرکہ میں پکائیں اور پک جانے پر کوٹ لیں۔ بعد کو شکر ڈال کر قوام پر لے آئیں۔ باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر آخر قوام میں شامل کر لیں۔

جوارش قانصہ۔ دستوں کو بند کرنے اور معدہ کو قوت بخشنے میں بالخصوص فائدہ مند ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ پوست اندرون قانصہ (سنگدان) ۔ خروس خشک۔ عود غرقی۔ مصطگی رومی ہر ایک سات ماشہ۔ زیرہ کرمانی۔ بہمن سفید۔ عنبراشہب۔ ورق طلا۔ ورق نقرہ ہر ایک چار ماشہ۔ کشنیز خشک پانچ ماشہ۔ طباشیر سفید۔ زرشک منقی۔ گل گاؤ زبان۔ دانہ الائچی خورد۔ بادر نجبویہ ہر ایک نو ماشہ۔ ابریشم مقرض ایک تولہ۔ سماق۔ گل سرخ۔ پوست بیرون پستہ۔ پوست اترج۔ حب حب الرمان۔ پودینہ خشک ہر ایک دس ماشہ۔ مشک خالص دو ماشہ۔ مربہ۔ آملہ۔ مربہ ہلیلہ۔ قند سفید۔ شہد خالص گلاب ہر ایک نصف سیر۔ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش قرطم۔ پیشاب لاتی ہے۔ حیض جاری کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے رحم کی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ ۔ مغز قرطم۔ مغز بادام شیریں۔ ہر ایک دو تولہ۔ انیسون۔ بسفانج فستقی ہر ایک ایک تولہ۔ شہد خالص برابر وزن ادویہ حسب دستور جوارش تیار کریں۔ جن عورتوں کو سیلان الرحم کی شکایت ہو۔ ان کو یہ دوا نہ دی جائے۔

جوارش قیصر۔ قولنج کو دور کرتی اور غلیظ بلغم کو چھانٹتی ہے۔ نقرس کے درد کو زائل کرتی ہے۔ قولنج میں خصوصیت سے معمول و مفید ہے استعمال ۔ ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ دار فلفل۔ زنجبیل۔ ہلیلہ زرد۔ سقمونیا۔ تربد سفید ہر ایک چالیس ماشہ۔ تخم کرفس۔ نانخواہ۔ عاقر قرحا۔ ہر ایک اکیس ماشہ۔ شکر سفید و عسل خالص دو چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش کافور۔ جگر اور معدہ کو قوت دینے۔ ریاح تحلیل کرنے اور غذا کو ہضم کرنے میں معمول و مفید ہے استعمال ۔ ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں

نسخہ۔ کافور۔ زعفران۔ عود۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ کبابہ۔ انجدان رومی۔ قرفہ۔ قرنفل چھڑیلا۔ بالچھڑ۔ بسباسہ۔ صندل سفید۔ فلفل۔ دار فلفل (پیلا مول) دار چینی۔ شیطرج ہندی۔ نارمشک۔ شقاقل۔ خولنجاں۔ جوزبوا۔ سونٹھ۔ سعد کوفی۔ فلفلموبہ ہر ایک چھ ماشہ۔ شکر سفید برابر وزن ادویہ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش کسری۔ خفقان کو دور کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ معدہ کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ نیز رحم کی بیماریوں میں مفید ہے خفقان اور معدہ کی شکایات میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان چھ تولہ عرق بادیان چھ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ عنبرا شہب پانچ ماشہ۔ روغن بلسان سات ماشہ۔ انیسون۔ نارمشک۔ تخم کرفس۔ جند بید ستر۔ افیون۔ بزرا لبنج سفید۔ برگ بادر نجبویہ۔ تخم مرزنجوش۔ زعفران ہر ایک دس ماشہ۔ لونگ ۔ کبابہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک اٹھارہ ماشہ۔ عسل خالص سہ چند وزن ادویہ۔ افیون کو شراب میں حل کریں۔ باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں جوارش تیار کرلیں۔ اور عنبر اور روغن بلسان کو بعد میں شامل کر کے سال کے بعد کام میں لائیں

جوارش کمونی۔ قبض کو توڑتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ بدہضمی رفع کرتی ہے۔ معدہ کی سردی کو زائل کرتی ہے۔ اور رطوبتوں کو خشک کرتی ہے۔ ہچکی کو دور کرتی ہے۔ معدہ کی شکایات میں معمول و مفید ہے نسخہ۔ زیرہ کرمانی مدبر چودہ تولہ۔ برگ سداب۔ سونٹھ۔ ہر ایک چھ تولہ۔ بورہ ارمنی ایک تولہ۔ فلفل سیاہ چار تولہ۔ شہد دو چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

جوارش کمونی اکبر۔ دل و دماغ اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ قبض کو توڑتی ہے ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ درد معدہ و قولنج میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ دو تولہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ دار چینی۔ بورہ ارمنی سرخ ہر ایک اٹھارہ ماشہ فلفل سفید۔ فلفل سیاہ ہر ایک پچیس ماشہ۔ سداب خشک پانچ تولہ۔ مربہ زنجبیل دس تولہ زیرہ سیاہ کرمانی بارہ تولہ۔ مربہ ہلیلہ بیس تولہ۔ گلقند چوبیس تولہ قند سفید و شہد خالص ہر دو مساوی (سہ چند وزن ادویہ) حسب دستور تیار کریں۔

جوارش کمونی صغیر۔ معدہ کی سردی کو زائل کرتی ہے قولنج ریحی کو دور کرتی ہے بلغمی اور سوداوی بخاروں کو زائل کرتی ہے معدہ کے درد میں مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ دو تولہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زیرہ کرمانی مدبر بارہ تولہ فلفل سیاہ پانچ

تولہ۔ برگ سداب۔ زنجبیل ہر ایک چھ تولہ۔ بورہ ارمنی اٹھارہ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند
ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

جوارش کمونی کبیر۔ معدہ کو قوی کرتی ہے۔ دل و دماغ کو قوت دیتی ہے۔ قبض
کو رفع کرتی ہے۔ اور معدہ کے درد نیز قولنج ریحی میں بالخصوص مفید ہے۔ استعمال سات
ماشہ ہمراہ عرق بادیان چھ تولہ۔ عرق مکوہ چھ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ دار چینی۔ سیاہ مرچ۔
بورہ ارمنی۔ فلفل سفید ہر ایک سات ماشہ۔ برگ سداب ایک تولہ۔ زیرہ سیاہ مدبر چار
تولہ۔ مربہ زنجبیل مربہ ہلیلہ ہر ایک پانچ تولہ۔ گلقند آفتابی آٹھ تولہ۔ قند سفید بیس تولہ۔
عسل خالص دس تولہ بدستور تیار کریں۔

جوارش کمونی مسہل۔ رال بہنے کو روکتی ہے۔ رطوبت معدی کو صاف کرتی
ہے معدہ کو قوت دینے نیز معدہ کے دیگر سرد امراض میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے
استعمال۔ سات ماشہ سے بارہ ماشہ تک ہمراہ عرق بادیان چھ تولہ۔ عرق مکوہ چھ تولہ۔ شربت
دینار چار تولہ استعمال کریں نسخہ۔ زیرہ سیاہ مدبر بریان پندرہ تولہ۔ تربد سفید سات تولہ۔
افیتمون ولایتی پانچ تولہ۔ سیاہ مرچ۔ سونٹھ۔ فلفلد راز ہر ایک ڈھائی تولہ۔ پودینہ۔ سداب
صعتر۔ بورہ ارمنی ہر ایک تین تولہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

جوارش کندر۔ سردی کے سبب مرض سلسل بول کو دور کرنے میں معمول و مفید
ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ کھائیں۔ نسخہ۔ دار چینی سات ماشہ۔
کندر خولنجاں ہر ایک دس ماشہ۔ قرفہ۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک چودہ ماشہ۔ قرنفل۔ جوزبوا۔
بساسہ خیربوا۔ بالچھڑ ہر ایک اٹھارہ ماشہ۔ مصطگی اکیس ماشہ۔ عسل خالص سہ چند وزن
ادویہ حسب دستور جوارش بنائیں۔

جوارش لولوی۔ اعضاء رئیسہ کو خصوصا نیز معدہ کو قوت دیتی ہے۔ جنین کی نگہداشت
کرتی ہے۔ یعنی مرض اسقاط میں مفید ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان بارہ تولہ
استعمال کریں نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ عاقرقرحا ہر ایک چار ماشہ۔ نرکچور۔ درونج عقربی۔ تخم
کرفس۔ شیطرج ہندی۔ دانہ الائچی کلاں۔ جوزبوا۔ بساسہ۔ تج ہر ایک سات ماشہ۔ بہمن
سفید۔ بہمن سرخ۔ فلفل۔ دار فلفل۔ ہر ایک دس ماشہ۔ زنجبیل۔ مصطگی رومی ہر ایک
چودہ ماشہ۔ دار چینی سترہ ماشہ۔ شکر سفید۔ برابر وزن اودویہ حسب معمول تیار کریں۔
فائدہ۔ گرم مزاج حاملہ کو اس کا استعمال کرانا مناسب نہیں۔

جوارش متوکل۔ بدہضمی کو دور کرنے اور معدہ کو قوت دینے میں مجرب و معمول ہے استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سنبل الطیب قرنفل دار چینی۔ جو زبوا۔ دانہ الائچی کلاں۔ مشک ہر ایک پانچ ماشہ۔ فلفل سفید۔ سونٹھ۔ جندبید ستر۔ ہر ایک نو ماشہ۔ شکر سفید برابر وزن ادویہ بدستور معمول تیار کریں۔

جوارش مسمن۔ لاغری کو دور کرنے اور فربہی لانے میں بالخصوص موثر ہے استعمال۔ دو تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ بہمن سرخ۔ زراوند مدحرج۔ کسیلا۔ جتہ الخضراء۔ تودری سرخ۔ تودری زرد۔ شہدانہ۔ کلونجی۔ مغز پستہ۔ پست نخود۔ مغز بادام شیریں۔ کنجد مقشر ہر ایک ایک تولہ۔ حلبہ دو چند ہمہ ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ تمام کو باریک پیس کر اور گھی میں چرب کر کے اور حلبہ کو دھو کر گھی میں بھون کر آٹا بنا لیں۔ اور دیگر دواؤں کے ہمراہ شہد کے قوام میں ملائیں۔

جوارش مسہل۔ معدہ کو فضلات سے پاک کرنے میں بالخصوص فائدہ مند ہے استعمال ۔ ایک تولہ گرم پانی کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ زنجبیل اٹھارہ ماشہ۔ تربد سفید موصوف۔ چھتیس ماشہ۔ شکر سفید تیرہ تولہ بدستور معروف تیار کریں۔

جوارش مصطگی۔ معدہ کی رطوبتوں کو خشک کرتی ہے۔ جگر کو گرم کرتی ہے۔ منہ سے رال بہنے کو بند کرتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی اور دستوں کو بند کرتی ہے اور بلغمی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ علی الصبح پانچ سے نو ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مصطگی دو تولہ۔ عرق گلاب سترہ تولہ۔ شکر سفید یک آثار۔ عرق گلاب میں شکر کا قوام کریں۔ سرد ہونے پر مصطگی کو باریک پیس کر شامل کریں۔

جوارش مصطگی بنسخہ کلاں۔ خفقان بارد کو زائل کرتی ہے معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہے۔ تبخیر کو روکتی ہے۔ بلغمی دست اور زیادتی پیشاب کو روکتی ہے۔ سیلان لعاب دہن کو زائل کرتی ہے۔ بلغم کی زیادتی سے جو معدہ میں کمزوری لاحق ہو۔ اور اس ضعف سے تبخیر پیدا ہو۔ اس میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت صبح پانچ سے نو ماشہ تک عرق بادیان بارہ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مصطگی رومی۔ سیاہ مرچ۔ نانخواہ۔ زیرہ سیاہ مدبر۔ زیرہ سفید مدبر۔ اجمود۔ گلسرخ۔ پوست ترنج۔ تخم کاسنی۔ سونف۔ کندر۔ کشنیز خشک۔ بادر نجبویہ۔ گل گاؤ زبان۔ نرکچور۔ بالچھڑ۔ زعفران ہر ایک۔ اکیس ماشہ دار چینی سونٹھ۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک نو ماشہ۔ شکر سفید۔ شہد خالص برابر وزن ادویہ حسب دستور جوارش بنائیں۔

جوارش معین حمل۔ استقرار حمل کے لئے بطور معین و مددگار خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ نو ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ برادہ عاج۔ میعہ سائلہ۔ سنبل الطیب۔ دار چینی۔ مصطگی رومی۔ عود قماری ہر ایک پانچ ماشہ۔ افیون دو ماشہ درونج عقربی۔ سازج ہندی۔ عود صلیب۔ گل سرخ ہر ایک تین ماشہ۔ پوست ترنج۔ سعد کوفی قرنفل۔ نارمشک ہر ایک چار ماشہ۔ عنبرا شہب۔ مشک خالص ہر ایک ایک ماشہ مصری دو چند وزن ادویہ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ بدستور تیار کریں۔

جوارش مقوی قلب۔ خفقان کو زائل کرتی ہے۔ تبخیر کو دور کرتی ہے۔ تقویت قلب میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مربائے ہلیلہ پانچ عدد۔ مربائے آملہ چار عدد۔ دانہ الائچی خورد تین ماشہ۔ کشنیز مقشر ایک تولہ۔ بید مشک حسب ضرورت۔ شکر سفید دو چند ادویہ۔ مربہ جات کو چوبیس گھنٹہ پانی میں تر رکھ کر دھوئیں اور گٹھلی نکال دیں اور بید مشک میں پیس لیں۔ باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر شکر کے قوام میں جوارش تیار کرلیں۔

جوارش ملکی۔ تقویت باہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم عنبری چھ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مشک چھ رتی۔ دانہ الائچی خورد۔ کندر ہر ایک پانچ ماشہ۔ قرنفل۔ سنبل الطیب۔ تج۔ بسباسہ۔ اندر جو شیریں۔ بیخ اذخر۔ زنجبیل۔ دار چینی۔ مصطگی۔ عود ہندی۔ زعفران ہر ایک دس ماشہ۔ اشنہ ایک تولہ۔ شہد خالص بقدر ضرورت۔ قند سفید چار تولہ۔ عرق گلاب بقدر ضرورت حسب معمول تیار کریں۔

جوارش نارمشک۔ قبض کو رفع کرتی ہے اور قولنج میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ گیارہ ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ دانہ الائچی خورد۔ چار ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ دار چینی ہر ایک سات ماشہ۔ نارمشک۔ لونگ ہر ایک دس ماشہ دار فلفل سات ماشہ۔ سونٹھ اکیس ماشہ۔ سقمونیا چھ تولہ۔ شکر سفید نو تولہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ۔ بدستور معروف بنائیں۔

جوہر
جوہر کسی چیز کے اجزاء لطیفہ کو کہتے ہیں۔ جو خاص ترکیب سے اڑائے جاتے ہیں۔

جوہر اڑانے کا طریقہ۔ نوشادر۔ پارہ۔ رسکپور۔ سنکھیا۔ شورہ۔ کافور۔ لوبان وغیرہ کا جوہر اکثر اڑایا جاتا ہے۔ ان سب کے جوہر اڑانے کا طریقہ یکساں ہے۔
جس دوا کا جوہر اڑانا ہو۔ اسے تنگ منہ کی مٹی کی ہانڈی میں رکھیں۔ اور دوسری ہانڈی کے اندر کھریا مٹی لیتھڑ کر اسے سکھالیں۔ پھر پہلی ہانڈی کے اوپر اسے اوندھا کر کے رکھ دیں۔ اور آٹے سے دونوں ہانڈیوں کا منہ بند کر کے ہلکی آنچ پر رکھیں۔ مثلاً موٹی بتی کا چراغ یا بیری وغیرہ کی پتلی پتلی لکڑیوں سے چراغ کی لو کے برابر آنچ کریں اور اوپر والی ہانڈی پر ایک کپڑے کی چار پانچ تہہ تر کر کے رکھ دیں۔ جب یہ کپڑا گرم ہو جائے تو بدل دیں۔ پانی کی بجائے دودھ بھی بعض لوگ ڈالتے ہیں۔ جوہر اڑ کر اوپر کی ہانڈی میں آجائے گا اور ہانڈی کی چاروں طرف لگ کر مجتمع ہو جائے گا۔ ہانڈی کے ٹھنڈا ہونے کے بعد آہستگی سے چولہے سے اتار لیں اور احتیاط کے ساتھ اوپر والی ہانڈی الگ کر کے کسی صاف پر سے جوہر کو جھاڑ لیں۔ اور حسب ضرورت کام میں لائیں۔ دو ہانڈیوں کی بجائے دو پیالوں یا دو کوزوں سے بھی کام لے سکتے ہیں

رسکپور یا سنکھیا کے جوہر اڑانے سے پہلے اکثر اسے شراب میں حل کر لیتے ہیں اور پھر ٹکیہ بنا کر ہانڈی میں رکھ کر جوہر اڑاتے ہیں۔

جواہر مہرہ۔ مرگی اور عام بدن کی کمزوری نیز اختلاج قلب کو دور کرتا ہے دل دماغ جگر اور تمام اعضائے رئیسہ کی تقویت میں مخصوص چیز ہے استعمال ۔ دو چاول ہمراہ خمیرہ گاؤ زبان جواہر والا پانچ ماشہ یا لبوب کبیر پانچ ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زہر مہرہ خطائی بائیس ماشہ مروارید ناسفتہ۔ بسد۔ کہربا شمعی۔ لاجورد مغسول۔ یاقوت سرخ۔ یاقوت نیلگون۔ یاقوت زرد۔ یشب سبز۔ زمرد۔ عقیق سرخ۔ ورق نقرہ۔ مصطگی ہر ایک سات ماشہ۔ ورق طلاء۔ جدوار نارجیل خطائی۔ مکوہ خشک۔ مومیائی ہر ایک تین ماشہ۔ بدستور معمول تیار کریں۔

جوہر سین۔ بلغمی بیماریوں کو زائل کرتا ہے۔ قوت باہ بڑھاتا ہے استسقاء اور معدہ کی کمزوری کو زائل کرتا ہے بلغمی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ تقویت باہ کے لئے دو چاول لبوب کبیر سات ماشہ یا معجون جالینوس لولوی پانچ ماشہ کے ہمراہ اور استسقاء کے لئے بقدر دو چاول معجون دبیدالورد سات ماشہ میں ملا کر اور بخار کو روکنے

کے لئے دو چاول منقی میں رکھ کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ سنکھیا دو تولہ ۔ شراب برانڈی حسب ضرورت۔ سنکھیا کو شراب میں خوب کھرل کرلیں اور پیالہ میں رکھ کر اوپر دوسرا پیالہ رکھ دیں اور جوڑ پر آٹا لگا دیں۔ پھر دھیمی آنچ پر جوہر اڑائیں اور سرد ہوجانے پر محفوظ رکھیں۔ فائدہ۔ کھانے میں یہ احتیاط رہے کہ دوا دانتوں کو نہ لگے۔ ورنہ دانتوں کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ نیز گرم موسم میں اور گرم مزاج اور قدرتی کمزور و لاغر اشخاص میں بھی احتیاط لازمی ہے۔

جوہر کلاں۔ آتشک اور دیگر تمام سوداوی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ دو چاول مکھن یا پیڑے میں استعمال کریں نسخہ۔ رسکپور۔ سنکھیا۔ دار چکنا۔ پارہ شنگرف ہر ایک ایک تولہ۔ تمام دواؤں کو پہلے شراب اور دوسری مرتبہ عرق گلاب میں حل کر کے بطریق معلوم جوہر اڑائیں۔ فائدہ ۔ دوران استعمال میں اگر زیادہ گرمی محسوس ہو تو دو رتی پھٹکڑی اضافہ کرلیں۔ نیز اس میں بھی احتیاط رکھیں کہ دوا دانتوں کو نہ لگے۔

جوہر منقی۔ سوداوی امراض خصوصا آتشک کے لئے عجیب الاثر ہے استعمال دو چاول دو امویز منقی میں رکھ کر استعمال کریں نسخہ۔ سنکھیا۔ رسکپور۔ دار چکنا۔ ہر ایک ایک تولہ شراب برانڈی میں کھرل کر کے حسب دستور سابق جوہر اڑائیں۔
فائدہ۔ احتیاط بالا کا خیال رکھیں۔

باب الحاء فارسی

چندر پر بھا گٹی۔ آنکھ کی تمام بیماریوں میں مفید ہے استعمال جالا کے لئے شہد میں گھس کر رتوندہ کے لئے بکری کے دودھ میں اور ضعف بصارت کے لئے پانی میں مٹی کے برتن پر گھس کر بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔ نسخہ۔ تل کے پھول اسی عدد چنبیلی کی کلی پچاس عدد پیپل کے دانہ ساٹھ عدد۔ سفید مرچ سولہ عدد۔ سب کو باریک پیس کر شیاف بنا لیں۔فائدہ ۔ پیپل کے دانہ نکالنے کے لئے پہلے پیپل کو گلاب میں بھگو دیں کچھ عرصے کے بعد جب کہ وہ نرم ہو جائے دانہ نکال لیں۔

چندر پربھا گوگل۔ حرارت غریزی کو قوت دیتی ہے۔ یرقان۔ جریان۔ سوزاک بواسیر نیز رحم کی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ایک گولی گھی اور شہد کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ بیلگری۔ سونٹھ۔ سیاہ مرچ۔ پیپل۔ نمک سیاہ۔ نمک سنیدھا۔ نمک سانبھر۔ جو اکھار۔ سجی کھار۔ نسوت۔ پپلا مول۔ ناگرموتھ۔ زیرہ سفید۔ سنا مکھی۔ دھنیا دار چینی۔ مغز کرنجوہ۔ دیودار۔ گج۔ پیپل۔ چرائتہ۔ بیخ جمالگوٹہ۔ ہلدی۔ پترج۔ الائچی خورد اتیس۔ پوست نیم ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ فولاد آٹھ تولہ۔ بنسلوچن چار تولہ۔ سلاجیت مصفیٰ بتیس تولہ۔ گوگل مصفیٰ چالیس تولہ مصری چونسٹھ تولہ۔ گوگل کو کوٹیں جب وہ نرم ہو جائے تو باقی ادویہ اور مصری باریک کر کے ملا کر گھی سے چرب کر کے گولیاں بقدر دو رتی بنائیں۔

باب الحاء

حافظ الجنین۔ اسقاط حمل سے باز رکھتی ہے۔ اور جنین کی حفاظت کرتی ہے استعمال۔ ابتداء حمل میں چالیس روز تک متواتر بقدر پانچ ماشہ ہمراہ عرق گلاب چار تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربا۔ بسد محرق۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ درونج عقربی۔ طباشیر۔ مازو سبز۔ بیخ انجبار۔ گل ارمنی ہر ایک ایک تولہ۔ مغز تخم ہندوانہ۔ تخم خرفہ مقشر ہر ایک بائیس ماشہ عنبر اشہب ایک ماشہ۔ شربت انگور ترش تیرہ تولہ۔ مصری بائیس تولہ۔ شہد سات تولہ۔ ورق نقرہ بیس عدد۔ حسب معمول مصری شہد اور شربت انگور ترش کے قوام میں ملا کر معجون تیار کریں۔

حافظ الاجساد۔ معدہ اور دماغ کی سرد بیماریوں میں مفید ہے۔ استقاء اور سوء القنیہ نیز جگر کے تمام امراض میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی چھ تولہ عرق مکوہ چھ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ دار چینی پوست بیخ کبر۔ فقاح اذخر ہر ایک بائیس ماشہ۔ زعفران پانچ تولہ۔ بالچھڑ ستائیس ماشہ۔ سنبل رومی۔ انیسون۔ دو قو۔ اسارون۔ ریوند چینی۔ فطر اسالیون۔ مرصاف ہر ایک اٹھارہ ماشہ۔ مجیٹھ۔ سعد کوفی ہر ایک نو ماشہ۔ زیت کہنہ برابر وزن ہمہ ادویہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ حسب معمول روغن زیت میں چرب کر کے شہد کے قوام میں ملا کر معجون تیار کریں۔

حافظ الروح۔ روح اصلی اور حرارت عزیزی کی نگہداشت کرتی ہے۔ اور ان کو قوت بخشتی ہے استعمال۔ تین ماشہ ہمراہ عرق عنبر پانچ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مومیائی۔

ورق طلاء محلول ورق نقرہ محلول ہر ایک چار ماشہ۔ روغن پستہ۔ تخم خرفہ مقشر ہر ایک بائیس ماشہ۔ عنبر اشہب دو ماشہ۔ مشک خالص۔ جدوار خطائی ہر ایک چار رتی۔ ترنجبین خراسانی بیں تولہ۔ آب سیب شیریں۔ آب بہی شیریں۔ آب انار شیریں۔ گلاب۔ عرق بہار۔ عرق بید مشک ہر ایک پندرہ تولہ۔ شہد خالص بارہ تولہ۔ مومیائی اور عنبر کو روغن پستہ میں پگھلا کر چاندی اور سونے کے ورق کو شہد میں حل کر کے باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر بدستور معروف معجون تیار کریں۔

حافظ الصحتہ۔ مالیخولیا مراقی کو دور کرتی ہے۔ دل کی جلن کی گرمی کو زائل کرتی ہے۔ کمزوری اور نقاہت کا ازالہ کرتی ہے استعمال۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہرباشمعی۔ لاجورد مغسول۔ ناد زہر معدنی ہر ایک پانچ ماشہ صندل سفید۔ کشنیز مقشر۔ گل نیلوفر۔ گل گاؤزبان۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز تخم خیار۔ مغز تخم کاسنی۔ تخم خرفہ مقشر۔ غنچہ گل سرخ ہر ایک نو ماشہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ۔ عنبر اشہب۔ مشک گل مختوم۔ گل داغستانی ہر ایک دو ماشہ۔ آب سیب شیریں۔ آب بہی شیریں۔ آب زرشک ہر ایک نو تولہ مصری آٹھ تولہ حسب معمول معجون بنائیں۔

حب ابوالفضل۔ نقرس کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ نوماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نمک ہندی۔ مرصعتر ہر ایک سات ماشہ۔ ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ آملہ۔ زنجبیل ہر ایک چودہ ماشہ۔ گوگل چوبیس ماشہ۔ ایلوازرد پینتیس ماشہ۔ عرق مکوہ حسب ضرورت گوگل کو عرق کاسنی یا عرق مکوہ میں حل کرلیں۔ اور تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ملا کر گولیاں تیار کریں۔

حب احمر۔ کمزوری رفع کرتی ہے۔ اور قوت باہ کے لئے ایک مخصوص دوا ہے استعمال ۔ نصف یا ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ سنکھیا۔ ہڑتال۔ شنگرف ہر ایک ایک تولہ۔ آب لیموں سو عدد۔ دواؤں کو لیموں کے پانی میں کھرل کریں اور دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔ فائدہ۔ خوب مرغن غذا کھائیں۔ اگر بھوک بند ہوجائے تو اجزاء بالا کے ساتھ گندھک ایک تولہ کا اضافہ کریں۔ دوران استعمال میں ترش اشیاء اور جماع وغیرہ سے پرہیز رکھیں۔

حب ادرک۔ بلغمی کھانسی کے دفعیہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال ایک گولی منہ میں رکھ کر عرق چوستے رہیں۔ نسخہ۔ گل پستہ۔ مغز تخم ہلیلہ زرد ہر ایک ۶ ماشہ۔ آب ادرک بقدر حاجت حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب اذاراقی۔ پٹھوں کو قوی کرتی ہے اور کمر نیز کبڑی وغیرہ کے دردوں کو تسکین دیتی ہے۔ عصبی اور سرد امراض دماغی میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی ہمراہ عرق بادیان چھ تولہ۔ عرق گاؤ زبان چھ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ دار چینی۔ جوزبوا جاوتری۔ عود صلیب۔ لونگ ہر ایک ایک تولہ۔ کچلہ مدبر دو تولہ۔ عرق اجوائن بقدر ضرورت کچلہ کو دودھ میں تر رکھیں۔ نرم ہو جانے پر چھلکا اتار کر گھس لیں۔ باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر اجوائن کے عرق میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

بنسخہ دیگر۔ بدستور سابق استعمال کریں۔ کچلہ مدبر باریک کردہ دو تولہ۔ فلفل سیاہ دار فلفل ہر ایک ایک تولہ۔ عرق اجوائن حسب ضرورت۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر عرق اجوائن یا آب برگ پودینہ میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب استرخاء۔ مرگی کو دور کرتی ہے۔ لیکن استرخاء کے ازالہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ رات کو سوتے وقت گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔ نسخہ ایارج فیقرا ترید سفید مجوف۔ غاریقون ہر ایک تین ماشہ۔ بوزیدان۔ اسطوخودوس۔ عودصلیب ہر ایک دو ماشہ تخم خنظل۔ مصطگی ہر ایک چار رتی۔ سقمونیا مشوی دو رتی۔ آب برگ سونف بقدر ضرورت بدستور سونف کے پانی کے ساتھ گولیاں بنائیں فائدہ۔ اجزاء مندرجہ کے اوزان صرف ایک خوراک کے مقدار ہیں۔

حب استسقاء۔ استسقا کی تمام قسموں میں معمول و مفید ہے استعمال ۔ ایک گولی ہمراہ عرق کاسنی چھ تولہ۔ عرق مکوہ چھ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ترید سفید تین ماشہ۔ ریوند چینی دو ماشہ۔ غاریقون۔ زراوند مدحرج۔ زراوند طویل ہر ایک چھ رتی۔ گوگل۔ تخم انجرہ ہر ایک آٹھ رتی۔ فرفیون چار رتی۔ فرفیون کو روغن بادام سے چرب کرکے تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ گولیاں تیار کریں۔

حب اسرائیل۔ قولنج میں مفید و معمول ہے استعمال ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سقمونیا دو رتی۔ تخم خنظل چار رتی۔ آک کندل (سبلینج) ہر ایک

ایک ماشہ۔ پانی کے ہمراہ گولیاں تیار کریں۔ فائدہ وزن ادویہ بقدر ایک خوراک ہے۔

حب اسطو خودوس دماغ نیز تمام بدن سے سودا کا تنقیہ کرتی ہے مالیخولیا اور مرگی وغیرہ زائل کرتی ہے۔ سوداوی اور بلغمی امراض میں تنقید کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک تولہ گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ کابلی ہر ایک سترہ ماشہ۔ تربد مجوف چوبیس ماشہ۔ صبر سقوطری اکیس ماشہ۔ اسطوخودوس۔ غاریقون۔ .سفائج افیتمون ہر ایک دس ماشہ۔ تخم حنظل پانچ ماشہ۔ قرنفل۔ پودینہ کوہی ہر ایک چار ماشہ حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب اسگند ریاحی دردوں کو تسکین دیتی ہے۔ اور بلغمی بیماریوں کو زائل کرتی ہے۔ کمر اور جوڑوں کے درد میں بالخصوص مفید ہے۔ استعمال۔ رات کو سوتے وقت دو گولیاں گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ موصلی سفید۔ دار فلفل۔ اجوائن دیسی۔ پپلا مول ہر ایک ایک تولہ۔ میدہ سونٹھ۔ اسگند ناگوری۔ بدھارا۔ ستاور ہر ایک دو تولہ۔ قند سیاہ حسب حاجت سب کو کوٹ چھان کر گڑ کے ساتھ گولیاں چنے کے برابر بنائیں۔

حب اشخار۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ تین سے پانچ ماشہ علی الصبح گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ زنجبیل۔ شیطرج۔ سجی سفید۔ سہاگہ بریاں۔ زیرہ سفید۔ نمک لاہوری ہر ایک چھ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ (گڑ پرانا) دو چند وزن حسب معمول گڑ میں ملا کر بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حب اسطمخقون۔ مالیخولیا اور دیگر سوداوی بیماریوں میں مفید و معمول ہے۔ استعمال رات کو سوتے وقت نو ماشہ گرم پانی کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ زراوند مدحرج۔ نمک ہندی ہر ایک چار ماشہ۔ صبر سقوطری اٹھارہ ماشہ۔ حب بلسان۔ تج۔ بالچھڑ۔ تگر۔ دار چینی زعفران۔ مصطگی۔ بیخ اذخر۔ وج ترکی۔ عصارہ افسنتین۔ .سفائج ہر ایک تین ماشہ۔ سقمونیا مشوی۔ غاریقون۔ تخم حنظل ہر ایک دس ماشہ۔ افیتمون۔ .سفائج ہر ایک اکیس ماشہ۔ حسب معمول پانی کے ہمراہ گولیاں بنائیں۔

حب افادیہ۔ ریاح تحلیل کرنے قبض توڑنے اور قولنج کے ازالہ میں مفید و معمول ہے استعمال ۔ تین ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال نسخہ۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ دار چینی۔ فلفل۔ نارمشک۔ مصطگی ہر ایک پانچماشہ۔ شکر سفید بتیس ماشہ۔ سقمونیا مشوی ۴

ماشہ معمول پانی کے ساتھ گولیاں بنائیں۔

حب افیون نزلہ کو روکتی ہے۔ قوت باہ بڑھاتی ہے۔ نیز امساک لاتی ہے

استعمال۔ ایک ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم عنبری چھ تولہ استعمال کریں نسخہ افیون مصری یا ہندی ۷ تولہ زعفران چار تولہ۔ مشک خطائی دو تولہ۔ عنبر اشہب ایک تولہ۔ گلاب حسب ضرورت تمام دواؤں کو عرق گلاب میں حل کریں۔ اور افیون قوام میں ڈال کر چینی کے برتن میں رکھیں اور چنبیلی کے پھول ڈالدیں تاکہ افیون کی بو نہ رہے اس کے بعد دانہ ماش کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب آملہ قابض معدہ کو قوت دینے اور دستوں کو بند کرنے میں مفید و معمول ہے۔

استعمال صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ آملہ چھپن تولہ۔ نمک سیاہ چار ماشہ۔ مصطگی تین ماشہ۔ آملہ کو عرق گلاب میں تر رکھیں۔ نرم ہو جانے پر سب دواؤں کو کوٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب انجیر۔ بادی و خونی بواسیر کے ازالہ اور قبض کو دور کرنے میں مفید و معمول ہے استعمال۔ حسب مزاج دو سے پانچ گولی تک ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ ۔ بادیان۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ گوگل۔ رسوت ہر ایک چودہ ماشہ۔ تخم گندنا چار ماشہ۔ انجیر پانچ دانہ۔ کشمش دو تولہ حسب معمول بقدر نخود گولیاں تیار کرلیں۔

حب ایارج۔ دماغی رطوبتیں خارج کرتی ہے مرگی۔ سکتہ وغیرہ کو دور کرتی ہے۔ سر درد کو تسکین دیتی ہے۔ آنکھ کی بیماریوں میں نیز دماغ کے تنقیہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ اخیر رات میں تین سے نو ماشہ کی مقدار میں ورق نقرہ میں لپیٹ کر عرق گاؤ زبان بارہ تولہ کے ساتھ کھائیں اور صبح کو مسہل دیں۔ نسخہ۔ ایارج فیقرا چودہ ماشہ۔ تربد سفید مجوف۔ چودہ ماشہ۔ کالا دانہ۔ غاریقون۔ انیسون ہر ایک سات ماشہ۔ تخم حنظل۔ نمک ہندی ہر ایک دو ماشہ۔ عرق بادیان حسب ضرورت حسب معمول کوٹ چھان کر عرق بادیان میں گولیاں بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔ فائدہ۔ مسہل کے نسخہ سے املتاس شامل نہ کرنا چاہیے۔

حب ایارہ۔ فالج۔ لقوہ رعشہ وغیرہ دیگر امراض بلغمی اور دماغی میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال رات کو سوتے وقت گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ ۔ جدوار۔ اسطوخودوس ہر ایک پانچ ماشہ۔ تخم حنظل چار رتی۔ ایارج فیقرا تین ماشہ۔ نمک ہندی۔ غاریقون ہر ایک تین ماشہ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب ایلاؤس مرض ایلاؤس (قولنج التوائی) میں معمول و مفید ہے۔ استعمال سات عدد گولیاں گرم پانی یا عرق بادیان بارہ تولہ کے ہمراہ کھائیں۔ نسخہ سقمونیا کوگل ہر ایک چار ماشہ۔ ایلوانو ماشہ حسب معمول بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حب باربکائن۔ بادی بواسیر کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی صبح ایک شام نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ رسوت۔ سیاہ مرچ ہر ایک دو ماشہ ثمر درخت بکائن چار ماشہ دواؤں کو کوٹ چھان کر بھنگرہ کے پانی میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ فائدہ۔ درمیان استعمال میں روغن مولی کا استعمال زیادہ کریں۔ ترشی وغیرہ سے پرہیز رکھیں۔

حب بحتہ الصوت۔ دمہ اور کھانسی کو زائل کرتی ہے۔ بلغم کو چھانٹتی ہے اور آواز کو کھولنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال صبح شام ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں۔ نسخہ۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ رب السوس۔ مغز کدو۔ مغز خیارین۔ مصری ہر ایک برابر وزن حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب بخار۔ موسمی بخار کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ ایک گولی دوپہر ایک صبح ایک شام تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ ۔کونین۔ ست گلو ہر ایک ایک تولہ۔ صمغ عربی طباشیر ہر ایک ۲ تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر صمغ عربی کے ساتھ چنے برابر گولیاں بنائیں۔

حب براء الساعتہ۔ تمام بدن سے اخلاط غلیظ اور مواد فاسدہ کو خارج کرتی ہے۔ لنگڑی کے درد نیز نقرس وغیرہ میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے استعمال۔ رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ایلوا۔ سورنجاں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سنائی۔ مصطگی رومی ہر ایک مساوی الوزن حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب برگ نیب بواسیر خونی اور بادی میں مفید ہے نسخہ۔ برگ نیب۔ چاکسو صندل سرخ۔ دھماسہ۔ برگ مہندی۔ رسوت۔ نرکچور۔ سیاہ مرچ۔ ہر ایک ہموزن سب کو کوٹ کر چھان کر لعاب بیہدانہ میں گولیاں بنائیں۔ اور بقدر سات ماشہ ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔

حب بریُوما جوڑوں کے درد کو فوری تسکین بخشنے میں بالخصوص موثر ہے استعمال نو ماشہ گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ صبر سقوطری۔ تربد سفید موصوف ہر ایک اٹھائیس ماشہ پوست ہلیلہ۔ بوزیدان۔ سورنجاں ہر ایک سات ماشہ۔ انیسون۔ سقمونیا ہر

ایک پانچ ماشہ۔ گوگل تین ماشہ۔ آب گندنا سبز حسب ضرورت تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر گندنا سبز کے پانی میں گھول کر گولیاں بنائیں۔

حب بقراط۔ صفراوی دستوں کو بند کرتی ہے۔ حمی محرقہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ۔ شربت عناب دو تولہ استعمال کریں نسخہ۔ کافور چار رتی طباشیر۔ صندل سفید۔ نشاستہ ۔ صمغ عربی ہر ایک ایک ماشہ۔ زہر مہرہ ایک ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر چنے برابر گولیاں بنائیں۔

حب بلادر۔ مرض آتشک (یعنی نار فارسی) میں تنقیہ مادہ کے بعد اس کا استعمال بے حد مفید و مجرب ہے۔ نیز مرض باد فرنگ کے ازالہ میں مخصوص اثر رکھتی ہے۔ بے حد مفید و مجرب ہے بلکہ ہر دو امراض میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے استعمال۔ ایک گولی صبح اور ایک شام دو ہفتہ تک متواتر بالائی یا حلوہ وغیرہ میں رکھ کر استعمال کریں ۔ غذا۔ پلاؤ یا روغنی روٹی یا کھیر بغیر نمک و شیرینی ملائے ہوئے کھاتے رہیں۔

نوٹ اطبائے ایران مرض باد فرنگ اور جمرہ کو آتشک سے تعبیر کرتے ہیں اور مرض آتشک کو نار فارسی کہتے ہیں۔ لیکن اطبائے ہند بالعموم آتشک کو باد فرنگ کا مترادف قرار دیتے ہیں (مولف)۔ نسخہ۔ بھلاواں (کلاہ دور کردہ) آٹھ عدد۔ بزرالبنج سفید۔ نانخواہ۔ کنجد سیاہ ہر ایک سات ماشہ۔ مغز نارجیل تازہ ایک تولہ۔ پارہ چودہ ماشہ۔ طباشیر سفید ۶ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ چار تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ کر بھلاواں ملا کر پیس لیں۔ بعد کو پارہ ملا کر پرانے گڑ میں شامل کر کے اس کی اڑتالیس گولیاں تیار کریں۔

فائدہ۔ گولی کھاتے وقت احتیاط رکھیں۔ کہ منہ۔ زبان۔ مسوڑھوں اور دانتوں سے گولی کا جرم نہ لگے۔ ورنہ نقصان کا احتمال ہے۔ اگر جسم میں گرمی معلوم ہو یا مسوڑھوں میں درد شروع ہو جائے تو اس کا استعمال بند کردیا جائے۔

حب بنفشہ۔ دماغی فضلات کو نکالتی ہے۔ سر کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ سینہ کے بلغم کو چھانٹتی ہے۔ کھانسی کو زائل کرتی ہے۔ آنکھ کی بیماریوں میں مفید ہے۔ تنقیہ فضلات میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال صبح شام ایک ایک گولی ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تربد سفید۔ رب السوس۔ گل سرخ۔ گل بنفشہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ سقمونیا۔ غاریقون ہر ایک ۸ ماشہ۔ حسب معمول پانی کے ساتھ گولیاں بنائیں۔

حب بواسیر۔ خونی بواسیر میں مفید و معمول ہے استعمال۔ تین ماشہ گرم پانی کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ رسوت چار ماشہ۔ کہربا شمعی۔ دانہ الائچی خورد۔ گل ارمنی۔ ہلیلہ سیاہ۔

تولہ۔ طباشیر ہر ایک دو ماشہ۔ گوگل ایک تولہ۔ ہلیلہ سیاہ کو روغن زرد سے چرب کریں اور گوگل کو گندنا سبز کے پانی میں حل کریں۔ اور باقی دیگر ادویہ کو معہ ہلیلہ سیاہ کے کوٹ چھان کر گولیاں تیار کریں۔

حب بو علی سینا پیچش تیز مروڑ اور اسہال کبدی میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال دو سے چار گولی تک ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ بارہ سالہ بچے کو نصف گولی دینی چاہیے۔ نسخہ۔ مازو۔ کزمازج ہر ایک نوماشہ۔ افیون چار ماشہ۔ صمغ عربی 1 ماشہ حسب دستور سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب بہرامی۔ استسقاء لحمی میں مفید ہے استعمال ۔ نو ماشہ ہمراہ عرق مکو چھ تولہ۔ عرق کاسنی چھ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ صبر سقوطری بیالیس ماشہ۔ افیتمون چھبیس ماشہ۔ سقمونیا ۱۴ ماشہ۔ بالچھڑ۔ تج۔ تربد سفید مجوف۔ مصطگی ہر ایک سات ماشہ۔ زعفران دو ماشہ۔ غاریقون دس ماشہ۔ حماما تین ماشہ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب بیش دماغ کی سرد بیماریوں میں خصوصا نزلہ میں مفید ہے استعمال ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ بیش قرنی ڈیڑھ تولہ۔ قلفل گرد۔ عاقرقرحا۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔ اصل السوس۔ بادیان ہر ایک نو ماشہ کتیرا صمغ عربی ہر ایک تین ماشہ۔ بیش کو پارچہ کھدر میں باندھ کر گائے کے دودھ میں جوش دے کر صاف کر لیں اور باقی دواؤں کو کوٹ پیس کر شامل کر کے موٹھ کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔

حب پان آتشک کے لئے عجیب الاثر ہے استعمال۔ علی الصبح ایک گولی بالائی میں رکھ کر نگل لیں۔ نسخہ۔ سم الفار۔ طباشیر۔ کتھ سفید ہر ایک تین ماشہ۔ عرق برگ پان بقدر ضرورت تمام دواؤں کو عرق مذکورہ میں خوب حل کر کے بقدر دانہ مونگ گولیاں تیار کریں فائدہ۔ غذا خوب مرغن کھانی چاہیے۔ اگر یہ گولی دوپہر کو کھانے کے بعد استعمال کی جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

حب پپیتہ۔ پیٹ کے درد کو دور کرتی ہے۔ بدہضمی کو رفع کرتی ہے۔ اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ نیز ہیضہ کے موسم میں بطور حفظ ما تقدم استعمال کرنے سے مفید ثابت ہوتی ہے استعمال۔ صبح یا شام ایک گولی کھانا کھانے کے بعد تازہ پانی کے ساتھ کھائیں ۔ نسخہ۔ پپیتہ۔ زنجبیل ۔ سیاہ مرچ۔ پودینہ خشک۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ۔ گل مدار ہر ایک

ایک تولہ۔ حسب معمول عرق لیموں میں بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حب پچلونہ۔ معدہ کو قوی کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے اور غذا کو ہضم کرتی ہے معدہ کی شکایت میں مجرب ہیں استعمال صبح شام غذا کے بعد دو گولیاں کھائیں نسخہ نمک لاہوری۔ نمک سانبھر۔ نمک سیاہ ہر ایک تیرہ ماشہ۔ پودینہ خشک۔ زنجبیل ہر ایک دو تولہ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ پپلا مول۔ سیاہ مرچ۔ سونٹھ۔ دج ترکی۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ ہر ایک تین تولہ۔ کشنیز خشک دس تولہ۔ اجوائن۔ سونف ہر ایک ... تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر لیموں کے عرق میں خمیر کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب پیار انگا ہیضہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ پیار انگا تین ماشہ۔ نانخواہ۔ سونٹھ۔ سونف۔ شیطرج۔ سیاہ مرچ۔ نمک ترب۔ نمک سیاہ۔ نمک پانگا ہر ایک ایک تولہ۔ بائے کھمب سفید۔ دج ترکی۔ زاج بریاں ہر ایک ایک ماشہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر لیموں کے عرق میں خوب کھرل کریں۔ حل ہو جانے پر بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حب پیچش۔ مروڑ اور ہر قسم کی پیچش میں مفید و مجرب ہے۔ استعمال۔ ایک گولی سوتے وقت پانی کے ساتھ کھائیں۔ نسخہ۔ کافور۔ مازو۔ مائیں خورد ہر ایک نو ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد پوست آملہ ہر ایک ایک تولہ۔ صمغ عربی تین ماشہ۔ افیون دو ماشہ حسب معمول سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب تاتورہ۔ منی کو غلیظ کرتی ہے اور سیلان منی کے ازالہ میں معمول و مفید ہے استعمال ایک گولی شیرہ بادیان ایک تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ تخم تاتورہ۔ سیاہ مرچ۔ ہم وزن۔ دونوں کو کوٹ چھان کر لعاب صمغ عربی میں گولیاں تیار کریں۔

حب تپ بلغمی۔ بلغمی بخار میں مخصوص طور سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ دار فلفل۔ مغز کرنجوہ ہر ایک ایک تولہ۔ زیرہ سفید۔ برگ ببول ہر ایک چھ ماشہ۔ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب تخمہ بد ہضمی کو دور کرتی ہے اور قولنج نیز معدہ کے درد کو تسکین دیتی ہے استعمال۔ دو ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ قرنفل۔

زنجبیل۔ تمی ۔ نارمشک۔ دار فلفل۔ شکر طبرز رو مساوی الوزن کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ گولیاں بنائیں۔

حب تخم ہار سنگار بواسیر خونی و بادی میں مفید و مجرب ہے استعمال۔ علی الصبح تین ماشہ تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ نسخہ۔ تخم ہار سنگار مقشر ایک تولہ۔ فلفل گرد تین ماشہ حسب معمول پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب تربد۔ لقوہ۔ فالج اور استرخائین مفید ہے استعمال رات کو سوتے وقت گرم پانی کے ہمراہ ایک گولی کھائیں نسخہ۔ تربد سفید۔ ایارج فیقرا ہر ایک تین ماشہ۔ نمک سیاہ ایک ماشہ۔ تخم خنظل چھ رتی حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب ترش مشتہی۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے بھوک لگاتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے معدہ کو قوی کرتی ہے اور بادی بواسیر کو زائل کرتی ہے استعمال ایک سے لے کر چار گولی تک غذا کے ایک گھنٹہ بعد یا رات کو سوتے وقت کھائیں نسخہ۔ الائچی خورد۔ دار چینی ۔ نمک شورہ نمک منہاری۔ نمک لاہوری۔ جواکھار۔ کشنیز خشک۔دار فلفل ۔ فلفل دراز۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ زنجبیل۔ شیطرج ہندی۔ ناگ کیسر۔ وج ہندی ہر ایک سات ماشہ۔ اناردانہ اٹھارہ ماشہ چوک ترش دو تولہ بطریق معلوم کوٹ چھان کر لیموں کے عرق میں گولیاں تیار کریں۔

حب تنکار۔ بھوک لگاتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے قبض کو رفع کرتی ہے اور معدہ کی تقویت میں بالخصوص موثر ہے استعمال رات کو سوتے وقت دو گولی تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ تنکار سات ماشہ۔ اجوائن خراسانی نو ماشہ۔ سیاہ مرچ تین تولہ۔ صبر سقوطری ۴ تولہ کوٹ چھان کر عرق گھیکوار میں بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حب جالینوس۔ پٹھوں کو قوت دیتی ہے۔ اور کمزوری کو دور کرتی ہے۔ تقویت باہ کے لئے عجیب الاثر ہے استعمال ایک گولی ہمراہ زلال نخود و مصری دو تولہ ملا کر کھائیں نسخہ۔ مغز سر کنجشک نر۔ شقاقل مصری۔ تخم پیاز۔ تخم گندنا۔ خرما۔ ثعلب مصری۔ تخم جرجیر۔ ریگ ماہی ہر ایک ایک تولہ۔ مشک تین رتی۔ شہد بقدر حاجت حسب معمول بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حب جدوار۔ دل اور دماغ کو قوت بخشتی ہے ۔ قوت باہ کو برا نگیختہ کرتی ہے جریان کو دور کرتی ہے۔ امساک لاتی ہے۔ کھانسی اور نزلہ کو دور کرتی ہے۔

افیون کی بری عادت کو چھوڑاتی ہے استعمال دو گولی رات کو سوتے وقت گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ناریل سالم۔ افیون پانچتولہ۔ جدوار خطائی ایک تولہ زعفران چھ ماشہ۔ مغز بادام چلغوزہ۔ تخم خرفہ ہر ایک تیرہ ماشہ۔ طباشیر کیترا۔ بزرا لبنج۔ جو زبوا ہر ایک نو ماشہ۔ بہمن سفید بہمن سرخ۔ بادر نجبویہ بسباسہ ہر ایک ایک تولہ۔ روغن بلسان ایک تولہ۔ گھی بیس تولہ ترکیب۔ ناریل کا چھلکا اتار لیں۔ اور اس میں ایک سوراخ اس طرح کریں کہ سوراخ کی جگہ کا ٹکڑا سالم نکل آئے ناریل میں افیون۔ زعفران اور جدوار بھر کر وہی ٹکڑا سوراخ پر لگا کر آٹا لگا کر لپیٹ کر دس سیر دودھ میں جوش دیں۔ جب دودھ کھویہ بن جائے۔ تو ناریل کو گھی میں پکا لیں۔ جب آٹا پک کر سرخ ہو جائے تو ناریل کو پیس لیں۔ اور باقی مغزیات وغیرہ کوٹ چھان کر شامل کر کے بقدر نخود گولیاں تیار کر لیں۔

حب جذام۔ جذام کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ روزانہ ایک گولی گیہوں کی روغنی روٹی کے ساتھ استعمال کریں۔ پوست بیخ آکھ چار سیر۔ گیہوں پاؤ سیر ترکیب۔ پوست کو دیگچہ میں پانی بھر کر ڈالدیں۔ اور گیہوں کو پوٹلی میں باندھ کر پوست کے اوپر رکھ دیں اور گھوڑے کی لید میں دفن کر دیں۔ اکیس روز بعد نکالیں۔ اگر پانی خشک نہ ہو ہو۔ تو جوش دے کر خشک کر لیں ورنہ گیہوں کو کوٹ کر اکھتر گولیاں بنائیں۔

حب جریان۔ سرعت کو دور کرتی ہے۔ احتلام کی زیادتی کو زائل کرتی ہے۔ اور منی کو گاڑھا کرتی ہے ۔ جریان کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ تین گولی کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ۔ سنگھاڑہ خشک۔ شیر برگد بقدر ضرورت سنگھاڑہ کو باریک پیس کر برگد کے دودھ کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب جفت بلوط۔ کھنکھار میں خون آنے کو بند کرتی ہے۔ نفث الدم میں معمول و مفید ہے استعمال۔ ایک گولی ہمراہ شیرہ تخم بارتنگ و شیرہ تخم تمہندی ہر ایک چھ ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز جفت بلوط۔ گیرو۔ بارتنگ ہر ایک تین ماشہ۔ ساق۔ حب آلاس۔ کہرباء۔ بسد۔ دم الاخوین۔ کشنیز خشک۔ زیرہ سیاہ ہر ایک چھ ماشہ۔ کتیرا۔ طباشیر ہر ایک چار ماشہ۔ صمغ عربی ۔بسباسہ۔ کندر۔ گل مختوم ہر ایک پانچماشہ۔ آملہ ہلیلہ کابلی۔ گلنار۔ پوست بیخ انجبار۔ شاخ گوزن سوختہ ہر ایک سات ماشہ۔ حسب معمول پانی کے ساتھ گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

حب جمال گوٹہ۔ خراب اور فاسد مواد کے تنقیہ کے لئے آتشک میں معمول و مفید

ہے استعمال۔ پانچ گولیاں گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ سیاہ مرچ۔ جمال گوٹہ مدبر۔ مغز کرنجوہ سونٹھ ہر ایک پا پچماشہ۔ حسب معمول سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب جند۔ مرگی۔ فالج۔ سکتہ۔ نسیان نیز تمام بلغمی بیماریوں میں مفید و مجرب ہے استعمال شیر خوار بچوں کے لئے نصف گولی ماں کے دودھ میں گھس کر ورنہ تین گولی ہمراہ عرق بادیان یا عرق دار چینی استعمال کریں۔ نسخہ۔ جند بید ستر۔ مشک خالص۔ عود صلیب ہر ایک تین ماشہ۔ عرق بادیان بقدر ضرورت حسب معمول سونف کے عرق کے ساتھ گولیاں بنائیں۔

حب جواہر کافوری۔ دستوں کو بند کرتی ہے۔ کھنگھار میں خون آنے کو روکتی ہے اعضاء رئیسہ کو قوی کرتی ہے سل اوردق میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ دو ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ زمرد۔ یاقوت رمانی۔ زہر مہرہ کہربا۔ لعل بدخشاں۔ یشب سفید۔ کافور قیصوری ہر ایک تین ماشہ۔ پوست بیخ انجبار صندل سفید۔ گل ارمنی ہر ایک دو ماشہ۔ رب السوس۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ گل نیلوفر۔ سرطان محرق۔ طباشیر سفید۔ پوست خشخاش سفید۔ گل گاؤ زبان ہر ایک پانچ ماشہ زعفران چار رتی جواہرات کو گلاب میں کھرل کریں۔ اور باقی سب دواؤں کو کوٹ چھان کر لعاب بہدانہ کے ساتھ بقدر دانہ مونگ گولیاں تیار کریں۔

حب جواہر مہرہ۔ زائل شدہ قوت کو واپس لاتی ہے۔ تقویت اعضائے رئیسہ کے لئے خاص چیز ہے استعمال۔ ایک گولی ہمراہ دوا المسک معتدل جواہر والی تین ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ یاقوت احمر۔ نیلم۔ پکھراج۔ زمرد سبز۔ مروارید ناسفتہ۔ بسد احمر۔ یشب سبز عقیق یمنی عقیق احمر۔ لاجورد مغسول۔ فاد زہر معدنی۔ مصطگی رومی۔ ورق نقرا ایک ایک ماشہ۔ ورق طلاء نارجیل دریائی۔ جدوار مومیائی ہر ایک دو ماشہ۔ عرق گلاب۔ عرق بید مشک۔ عرق کیوڑہ۔ حسب ضرورت تمام دواؤں کو عرقیات میں دو ہفتہ تک کھرل کر کے چھوٹے موتی کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب جواہر مولف۔ دستوں کو بند کرتی ہے اور اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہے نیز سل اور دق میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک ماشہ سے تین ماشہ تک علی الصبح ہمراہ لعاب بہدانہ تین ماشہ خمیرہ عناب پانچ ماشہ عرق گاؤ زبان سات تولہ۔ عرق گذر سات تولہ۔ شربت بنفشہ دو تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ صمغ عربی تین ماشہ۔ گل ارمنی۔ زہر مہرہ ہر ایک نو ماشہ۔ کافور قیصوری چار ماشہ طباشیر۔ مروارید۔ صندل سفید۔ کشنیز خشک ہر ایک اٹھارہ

ماشہ۔ مغز پنبہ دانہ۔ مغز کدو ہرایک تین تولہ حسب معمول دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا کر چاندی کا ورق چڑھائیں۔

حب چائے خطائی۔ نزلہ اور زکام میں مفید و معمول ہے استعمال۔ تین ماشہ گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ چائے خطائی۔ بادیان خطائی۔ پودینہ خشک ہر ایک تین تولہ۔ پوست ترنج دو تولہ۔ دار چینی۔ قرنفل۔ ایرسا ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی۔ میعہ خشک ہر ایک نو ماشہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک دو تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ جند بید ستر عنبر۔ مشک ہر ایک تین ماشہ۔ حسب معمول شہد میں گولیاں تیار کریں۔

حب چوب چینی زکام نزلہ اور دیگر دماغی سرد بیماریوں میں مفید ہے استعمال بقدر سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان یا عرق چوب چینی چھ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ چوب چینی۔ بادیان۔ قاقلہ کبار۔ الائچی کلاں۔ دار چینی۔ بسباسہ۔ پوست بیخ بادیان ہر ایک تین تولہ۔ عاقر قرحا۔ جو جو زبواء زنجبیل۔ عود ہندی ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی دو تولہ۔ مشک عنبر سات ماشہ۔ کیترا چار ماشہ مشک و عنبر کو گھس کر باقی دواؤں کو کوٹ کر چھان کر گولیاں تیار کریں۔

حب حابس دم۔ مرض نفث الدم میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ پانچ گولی ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ شربت انجبار دو تولہ استعمال کریں نسخہ کہربا۔ گل ارمنی۔ دم الاخوین۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ طباشیر۔ حب آلاس ہر ایک تین ماشہ۔ پوست بیخ انجبار۔ نشاستہ ہر ایک تین ماشہ۔ علاوہ مروارید وغیرہ کے تمام دواؤں کو کوٹ کر اور بقیہ کو گھس کر لعاب بیہدانہ یا لعاب بار تنگ کے ہمراہ گولیاں تیار کریں۔

حب حضض۔ بواسیر خونی اور پرانی پیچش سے مفید و معمول ہے استعمال۔ چار ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ۔ شربت انجبار دو تولہ استعمال کریں نسخہ حضض سترہ ماشہ۔ کتیرا۔ سات ماشہ۔ مازو۔ سنگجراحت۔ گیرو ہرایک ساڑھے تین ماشہ حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب حلتیت ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ اور قوت باہ کو برا نگیختہ کرتی ہے۔ ہضم غذا میں خاص چیز ہے استعمال۔ دو گولی غذا کے بعد کھائیں۔ نسخہ ہینگ چار تولہ۔ سونٹھ تین تولہ۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ دو تولہ۔ قرنفل۔ خولنجاں۔ دار فلفل۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ کباب چینی۔ مصطگی فلفلموبہ۔ نانخواہ۔ ہلیلہ کابلی۔ آملہ ہر ایک ایک تولہ۔ کلونجی نوماشہ ترکیب۔ ہینگ کو گھی میں چرب کریں اور باقی ادویہ کو کوٹ کر لیموں کے عرق میں خوب تر کریں خشک ہونے پر دوبارہ عرق لیموں میں تر کریں۔ پھر پیس کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

حب حمل۔ رحم کی خرابیوں کو دور کرتی ہے اور استقرار حمل کی صلاحیت پیدا کرتی ہے استعمال۔ ایام کے بعد ایک گولی معجون موچرس سات ماشہ یا معجون سپاری پاک سات ماشہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ مشک دو رتی۔ افیون۔ جو زبوا۔ زعفران ہر ایک ایک ماشہ۔ بھنگ دو ماشہ۔ سپاری تین عدد۔ قرنفل چار عدد۔ قندسیاہ ۵ ماشہ حسب معمول قندسیاہ میں گولیاں بنائیں۔

حب حنظل قولنج کو دور کرتی ہے۔ تمام بدن سے مواد فاسدہ نکالنے میں مفید ہے استعمال ایک سے دو گولی ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ قرنفل۔ دانہ الائچی خورد۔ دار چینی۔ زعفران۔ مر۔ سنائکی۔ صبر سقوطری۔ پوست بلیلہ زرد۔ زنجبیل۔ شنگرف۔ ہر ایک تین ماشہ۔ شحم حنظل۔ تربد موصوف ہر ایک دس ماشہ۔ حسب معمول عرق بادیان کے ہمراہ چنے کے دانے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب حیات۔ حواس کو صاف کرتی ہے۔ تکان کو زائل کرتی ہے۔ ریاح کو توڑتی ہے غذا کو ہضم کرتی ہے۔ نفخ اور قراقر کو زائل کرتی ہے۔ سدے کو کھولتی ہے اور بالخصوص معدہ کو قوت دیتی ہے استعمال۔ دو ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نمک سیاہ۔ نمک سینڈھا۔ نمک لاہوری۔ نمک سونچر۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ۔ زنجبیل۔ فلفل۔ دار فلفل۔ ہر ایک ایک تولہ۔ نانخواہ۔ شیطرج ہندی ہر ایک نو ماشہ۔ قرنفل۔ دارچینی۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک چار ماشہ۔ عود ہندی۔ مصطگی۔ بسباسہ ہر ایک تین ماشہ حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب خبث الحدید۔ سوزاک کو زائل کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ بواسیر خونی اور بادی کو دور کرتی ہے اور خون پیدا کرتی ہے۔ تقویت معدہ اور پیدائش خون میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ علی الصبح تین گولی عرق بادیان بارہ تولہ یا تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ حب الرشاد آٹھ تولہ۔ خبث الحدید (مدبہ آب گندنا) ستائیس تولہ۔ تخم گندنا۔ تخم جرجیر۔ تخم کرفس۔ تخم گزر۔ تخم مولی۔ تخم میتھی۔ تخم پیاز۔ الائچی خورد ہر ایک سات تولہ حسب معمول آب گندنا سبز کے ساتھ گولیاں تیار کریں۔

حب خراطین۔ امساک کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ جماع کے وقت ایک گولی پیشاب کے سوراخ میں رکھ لیں نسخہ۔ خراطین ایک عدد۔ افیون مصری چار

رتی کافور بھیم سینی دو سرخ۔ نشاستہ چہارم حصہ ادویہ تمام دواؤں کو مچھلی کے پتہ میں کھرل کر کے مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب خرول۔ سردی سے آواز بیٹھ جانے میں مفید ہے استعمال۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر عرق چوستے رہیں نسخہ۔ فلفل تین ماشہ۔ خرول بریان دس ماشہ۔ کندر۔ بارزد ہر ایک تیرہ ماشہ۔ مرکی اکیس ماشہ۔ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب خستہ نیب۔ بواسیر خونی اور بادی میں مفید ہے استعمال۔ روزانہ نہار منہ بقدر چھ ماشہ ہمراہ شیرہ بادیان پانچ ماشہ۔ شیرہ زیرہ سفید تین ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز تخم نیب دس تولہ۔ فلفل گرد۔ گوگل ہر ایک چودہ ماشہ۔ کوٹ چھان کر پانی کے ہمراہ سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب خضاب۔ بالوں کو سیاہ کرتی ہے استعمال۔ ایک گولی آملہ کے عرق میں گھس کر بالوں پر لگائیں نسخہ۔ جدوار بنفشی۔ افیون خالص۔ زعفران۔ دار چینی۔ •سباسہ ہر ایک ایک ماشہ۔ مغز بادام۔ جوزبوا۔ خولنجاں۔ ثعلب مصری ہر دو ماشہ۔ برگ بھنگ تیرہ ماشہ۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب خوش کیف۔ امساک میں مفید و معمول ہے استعمال۔ جماع سے پہلے ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ جدوار بنفسجی۔ افیون خالص۔ زعفران دار چینی۔ •سباسہ ہر ایک ایک ماشہ۔ مغز بادام۔ جوزبوا۔ خولنجاں۔ ثعلب مصری ہر دو ماشہ۔ برگ بھنگ تیرہ ماشہ۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب دیدان۔ آنتوں کے کیڑے مارتی ہے۔ خصوصا کدودانوں میں معمول ہے استعمال روزانہ ایک گولی گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ رسوت۔ چاکسو مقشر ہینگ ہر ایک دو ماشہ۔ ایلوا ایک ماشہ۔ فلفل گرد چھ رتی۔ برگ نیب ستر عدد۔ حسب معمول کرونده کے عرق میں گولیاں بنائیں۔

حب ذرب۔ دستوں کو بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ایک گولی تازہ پانی یا شربت حب آلاس دو تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ لونگ۔ •بیلگری۔ سونٹھ چھوہارہ بریاں۔ مائیں چھوٹی۔ مائیں بڑی کا پھل ہر ایک دو ماشہ۔ افیون چار رتی۔ آب ادرک بقدر ضرورت۔ حسب معمول ادرک کے عرق میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب ذہب۔ سر کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ اور آنکھ کی جلن و سوزش کو زائل کرتی ہے

استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔ نسخہ۔ صبر سقوطری چھ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد تین تولہ۔ کتیرا۔ مصطگی۔ سقمونیا۔ زعفران ہر ایک دس ماشہ۔ گل سرخ سترہ ماشہ بدستور عرق گلاب میں گولیاں تیار کریں۔

حب راحت۔ (یا آنند بھیروں) کھانسی۔ نزلہ۔ لقوہ۔ ہیضہ۔ اسہال و پیچش و جملہ عفنی بخاروں میں نہایت مفید و معمول ہے استعمال۔ لقوہ کے لئے ایک یا دو گولی روغن گل یا روغن کنجد میں حل کر کے جانب علیل پر ضماد کریں۔ اور اس کے اوپر روئی باندھ دیں اور سر ہوا سے محفوظ رہیں۔ اور ایک گولی پان کے ساتھ کھائیں۔ ہیضہ میں ادرک کے پانی یا پان کے ساتھ ایک گولی کھائیں۔ نزلہ و کھانسی وغیرہ میں شہد کے ساتھ اسہال و پیچش میں شیرہ اندر جو کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ بچھناک سفید مدبر بہ شیر گاؤ پیپل۔ مرچ سیاہ۔ سہاگہ۔ شنگرف سب مساوی الوزن لے کر باریک کوٹ چھان کر کاغذی لیموں کے عرق میں آٹھ پہر کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کر کے سایہ میں خشک کر لیں۔

حب ربع۔ چوتھے بخار میں اکسیر ہے استعمال ۔ ایک ایک گولی صبح دوپہر شام کو تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز پلاس پاپڑہ۔ مغز کرنجوہ ہر ایک ایک تولہ حسب معمول سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب رسوت۔ بواسیر خونی اور بادی نیز بواسیری دستوں میں مفید ہے استعمال ۔ دو گولی ساٹھی کے چاولوں کی پیچ یا شربت انجبار دو تولہ پانی میں ملا کر اس کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ رسوت۔ گوگل۔ گیرو۔ مغز تخم نیب۔ مغز تخم بکائن۔ تخم گندنا ہر ایک مساوی الوزن بدستور سابق گندنا سبز کے پانی میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب رسوت دیگر۔ بواسیری خون اور دستوں کو بند کرتی ہے استعمال۔ بدستور سابق استعمال کریں نسخہ۔ ہلیلہ کابلی۔ رسوت ہموزن۔ مٹی کے برتن کو آگ پر رکھیں۔ جب سرخ ہو جائے تو ہلیلہ کو گھی میں چرب کر کے اس برتن میں ڈال کر بھون لیں۔ بھن جانے پر چھلکا دور کر کے رسوت کے ہمراہ ارد کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب رسکپور۔ آتشک میں مفید و معمول ہے استعمال۔ روزانہ علی الصبح ایک گولی بالائی میں رکھ کر استعمال کریں نسخہ۔ رسکپور۔ الائچی سفید۔ قرنفل۔ عاقر قرحا ہر ایک چھ ماشہ۔ حسب معمول پانی میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں غذا۔ بے نمک کی روغنی روٹی وغیرہ